# زینب

لجنہ اماء اللہ ناروے

اپریل تا ستمبر 2024ء

نظام خلافت اور نظام وصیت دونوں ایک ہی لڑی میں جڑے ہوئے ہیں

خلافت امن عالم کی ضامن ہے

بد رسومات اور احمدی خواتین کی ذمہ داریاں

الفضل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

# خصوصی دعاؤں کی تحریک

امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے ایک رؤیا کی روشنی میں احبابِ جماعت کو خصوصی دعاؤں کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا: اگر احبابِ جماعت مندرجہ ذیل دعاؤں کا ورد کریں گے تو ایک محفوظ قلعے میں محفوظ ہو جائیں گے جہاں شیطان کبھی داخل نہیں ہو سکتا۔ اس قلعے کی دیواریں لوہے کی ہیں اور آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں۔ پس کوئی سوراخ ایسا نہیں رہے گا جہاں سے شیطان حملہ کر سکے۔

## نمبر 1: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

- ہر بڑا فردِ جماعت 200 دفعہ روزانہ پڑھے
- 15 سے 25 سال کے ممبران جماعت (کم از کم) 100 دفعہ روزانہ پڑھیں
- بچے (کم از کم) 33 دفعہ روزانہ پڑھیں
- چھوٹی عمر کے بچے تین، چار دفعہ روزانہ (والدین پڑھائیں)

## نمبر 2: اِستغفار ( اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ) 100 دفعہ روزانہ

**حضورِ انور نے فرمایا: اسی طرح میں یہ بھی شامل کرتا ہوں**

## نمبر 3: رَبِّ کُلُّ شَیْءٍ خَادِمُکَ رَبِّ فَاحْفَظْنِیْ وَانْصُرْنِیْ وَارْحَمْنِیْ۔ 100 دفعہ روزانہ

حضورِ انور ایدّہ اللہ نے مزید فرمایا: اِن دنوں میں جبکہ شیطان ہر حیلے سے بحیثیت جماعت بھی اور مجموعی طور پر ہمارے پر حملے کرنے کی کوشش کر رہا ہے، عمومی طور پر دنیا میں بھی اس سے بچنے کے لیے ایک ہی ذریعہ ہے کہ خاص طور پر دعاؤں پر زور دیں اور صرف جلسے کے دنوں میں نہیں بلکہ ہمیشہ کے لیے یہ درود شریف اور ذکرِ الٰہی، یہ وِرد اپنی زندگیوں کا حصہ بنالیں اور اس پر ہر ایک کو، بچے کو، بڑے کو، عورت کو، مرد کو، سب کو توجہ دینی چاہیے۔

(خطبہ جمعہ ۲۳/اگست ۲۰۲۴ء)

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| اداریہ | ۲ |
| القرآن الکریم | ۳ |
| کلام امام الزّماں علیہ الصلوٰۃ والسلام | ۴ |
| پاکیزہ منظوم کلام حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام | ۵ |
| خلاصہ خطبہ جمعہ | ۶ |
| نظمِ، وصیت کر | ۸ |
| نظامِ خلافت اور نظامِ وصیت دونوں ایک ہی لڑی میں جُڑے ہوئے ہیں | ۹ |
| نظم، خلافت | ۱۳ |
| خلافت امن عالم کی ضامن | ۱۴ |
| نظم، اُس پھول سے چہرے سے ہی رونق ہے چمن میں | ۱۶ |
| بد رسومات اور احمدی خواتین کی ذمہ داریاں | ۱۷ |
| HIJAB DAY | ۱۹ |
| تعارف شہادت القرآن | ۲۰ |
| مبلغین سلسلہ کی ماؤں کا انٹرویو | ۲۳ |
| دھنک کے رنگ آپ کے سنگ | ۳۲ |
| صحت کارنر | ۳۳ |
| کام کی باتیں | ۳۵ |
| پکوان | ۳۶ |
| رپورٹ نیشنل اجتماع لجنہ وناصرات | ۳۷ |
| یادرفتگان | ۳۹ |
| واقفات نوکارنر | ۴۱ |
| ناصرات کے صفحات | ۴۶ |


## مجلس ادارت


**امیر جماعت ناروے**
محترم چوہدری ظہور احمد صاحب

**صدر لجنہ اماءاللہ**
محترمہ انعم سحر اسلام صاحبہ

**نیشنل سیکرٹری اشاعت**
محترمہ منصورہ نصیر صاحبہ

**نائبہ سیکرٹری اشاعت**
صدیقہ وسیم

**مدیرہ حصہ نارویجن**
شائستہ باسط

**پروف ریڈنگ حصہ اردو**
صدیقہ وسیم
فہمیدہ مسعود
امتہ المنان صبا ندیم

**گرافک ڈیزائنر**
ضویا سامہ شاہد
ماہ رخ احمد فوزی

**پرنٹنگ**
شمسہ خالد

**شائع کردہ**
شعبہ اشاعت لجنہ اماءاللہ ناروے



Baitun Nasr Moske
Søren Bulls vei 1
1051 Oslo
Kontakt@ahmadiyya.no

# اداریہ

## ناروے کا قومی دن کیسے منایا جاتا ہے

ہر سال 17 مئی کو ناروے کا قومی دن منایا جاتا ہے۔اسکولوں، دفاتر، اور تمام تجارتی اداروں میں اس دن سرکاری طور پر عام تعطیل ہوتی ہے۔ یہاں قومی دن کی تقریبات پوری دنیا سے نرالی اور انوکھی ہوتی ہیں۔اس دن فوجی پریڈ، اور توپوں کی گھن گرج سنائی نہیں دیتی۔ بلکہ اس روز ہنستے مسکراتے بچے نئے اور خوبصورت کپڑے پہنے، ہنستے گاتے اپنے اسکولوں کے ہمراہ قومی دن کے جلوس میں شریک ہوتے ہیں، پھر دن بھر یہ بچے اپنے دوستوں اور ہمجولیوں کے ہمراہ خوشیاں مناتے ہیں خوشی اور گرم جوشی کا یہ اظہار محض بچوں کی حد تک نہیں ہے اس روز بڑے، جوان اور بوڑھے سبھی مسرت اور جوش و خروش سے اس دن کی تقریبات میں شریک ہوتے ہیں جو بچے جلوس میں شامل نہیں ہوتے، ان کے والدین خاص طور پر انہیں تیار کر کے شہر لے جاتے ہیں۔ طرح طرح کے کھلونے ، غبارے اور کھانے پینے کی اشیاء خرید کر دیتے ہیں۔ سرکاری عمارات کے علاوہ گھروں پر بھی نارویجن جھنڈے اور جھنڈیاں لہرائی جاتی ہیں۔رات کو کم و بیش ہر گھر پر خوبصورت چراغاں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

**قدیم زمانے میں ناروے ایک آزاد مملکت کی حیثیت رکھتا تھا۔ لیکن 1319ء میں اسے سویڈن کے ساتھ شامل کر لیا گیا 1380ء میں اسے ڈنمارک کا حصہ بنا دیا گیا۔ساڑھے چار سو سال بعد 1814ء میں ڈنمارک نے ناروے کو پھر واپس سویڈن کے حوالے کر دیا اور بالآخر 1905ء میں ناروے نے سویڈن سے علیحدگی اختیار کر کے اپنی آزادی اور خود مختاری کا باقاعدہ اعلان کیا۔1906ء سے ناروے کا شاہی خاندان مسلسل ہر سال 17 مئی کو اوسلو میں اپنے محل کی بالکونی سے بچوں کے جلوس کا استقبال کرتا ہے، بچے جو رنگ برنگے خوبصورت لباس میں ملبوس ہوتے ہیں۔وہ بادشاہ کو سلامی دیتے ہوئے گزرتے ہیں۔جدید ناروے میں 17 مئی کے دن کو کثیر الثقافتی معاشرے کی علامت کی حیثیت حاصل ہے۔اس دن تمام قومیتوں کے لوگ بڑے جوش و خروش کے ساتھ اس دن کی تقریبات میں حصہ لیتے ہیں۔نارویجن خواتین اور مرد اپنے روایتی خوبصورت قومی اور علاقائی لباس زیب تن کرتے ہیں۔ہر طرف ایک عید کا سا سماں ہوتا ہے۔ دو سال کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کی وجہ سے جلوس اور بڑی بڑی تقریبات کو منسوخ کر دیا گیا تھا۔ایسا ناروے کی تاریخ میں پہلی دفعہ ہوا تھا۔**

ناروے میں قومی دن کو اس تنوع اور جوش سے منانے کی وجہ سے ہی باہر سے آنے والوں کے لئے اس کا تجربہ مسحور کن ہوتا ہے۔ متعدد ملکوں سے سیاح خاص طور سے اس دن کا مشاہدہ کرنے کے لیے آتے ہیں۔اس ملک میں موجود غیر ملکی سفیر، تجارتی نمائندے اور دیگر لوگ بھی 17 مئی کی تقریبات کو دیکھ کر حیران ہوتے ہیں۔ناروے دنیا کا واحد ملک ہے جہاں قومی دن کے موقع پر نغمے بکھیرے جاتے ہیں اور بچے اس دن کو منانے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔اس دن جلوسوں کی رپورٹنگ کے لیے سارا دن ٹیلی ویژن اور ریڈیو پر پروگرام نشر ہوتے ہیں اور ان کے شرکاء تاریخی اور سماجی و ثقافتی حوالوں سے اس دن کی اہمیت اور قدر و قیمت کو اجاگر کرتے ہیں۔یہ دن اس ملک میں آباد سب لوگوں کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے۔اسکولوں کے بچے 17 مئی کے جلوس میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں تارکین وطن بچے بھی اس جلوس کا اہم حصہ ہوتے ہیں اور دیگر بچوں کی طرح ہی جوش و خروش سے اس موقع پر شریک ہوتے ہیں اور خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔

**ناروے میں سرکاری مذہب عیسائیت ہونے کے باوجود دیگر مذاہب کو تبلیغ اور عبادت کی مکمل آزادی ہے۔ چنانچہ بدھ مت، ہندو مت اور، مسلمانوں سبھی نے اپنے اپنے ٹمپل اور مساجد تعمیر کر رکھے ہیں دعا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم اس ملک کے عوام کو اپنے حقیقی خالق سے روشناس کروانے اور اس سے ملانے کا موجب بن کر ملک و قوم سے محبت اور خدمت کا حق ادا کر سکیں۔آمین ثم آمین**

اے وطن تجھ کو ہو مبارک جشنِ آزادی — اللہ کرے قائم رہے تیری آزادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## القرآن الکریم

**وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿155﴾**

**وَلَنَبْلُوَنَّکُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ ﴿156﴾**

**الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْہُمْ مُّصِیْبَۃٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ﴿157﴾**

**ترجمہ:**

اور جو اللہ کی راہ میں قتل کیے جائیں ان کو مردے نہ کہو بلکہ (وہ تو) زندہ ہیں لیکن تم شعور نہیں رکھتے۔اور ہم ضرور تمہیں کچھ خوف اور کچھ بھوک اور کچھ اموال اور جانوں اور پھلوں کے نقصان کے ذریعہ آزمائیں گے۔اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دے۔اُن لوگوں کو جن پر جب کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ کہتے ہیں ہم یقیناً اللہ ہی کے ہیں اور ہم یقیناً اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ (سورۃ البقرہ: (155-157)

## حدیث نبوی ﷺ

**عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَ شْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ کَانَ اِذَا خَافَ قَوْمًا قَالَ: اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْ رِ ھِمْ وَ نَعُوْ ذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِ ھِمْ۔**

**ترجمہ:**

حضرت ابو موسیٰ اشعری بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کو جب کسی دشمن کے حملے کا ڈر ہوتا تو آپ ﷺ یہ دعا مانگتے۔اے اللہ ہم تجھے ان کے سینوں میں کرتے ہیں۔یعنی تیرا رعب ان کے سینوں میں بھر جائے اور ہم ان کے شر سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔
(حدیقۃ الصالحین۔ایڈیشن 2003ء صفحہ 343-344)



# کلام امام الزّماں علیہ الصلوٰۃ والسلام

## حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

”یہ بھی یاد رکھو کہ یہی شہادت نہیں کہ ایک شخص جنگ میں مارا جائے بلکہ یہ امر ثابت شدہ ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں ثابت قدم رہتا ہے اور اس کے لیے ہر دکھ درد اور مصیبت کو اٹھانے کے لیے مستعد رہتا ہے اور اٹھاتا ہے وہ بھی شہید ہے۔شہید کا مقام وہ مقام ہے جہاں وہ اللہ تعالیٰ کو گویا دیکھتا اور مشاہدہ کرتا ہے۔یعنی اللہ تعالیٰ کی ہستی،اس کی قدرتوں اور تصرفات پر وہ اس طرح ایمان لاتا ہے جیسے کسی چیز کو انسان مشاہدہ کر لیتا ہے۔جب اس حالت پر انسان پہنچ جاوے پھر اس کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینا کچھ بھی مشکل نہیں ہوتا بلکہ وہ اس میں راحت اور لذت محسوس کرتا ہے۔شہادت کا ابتدائی درجہ خدا کی راہ میں استقلال اور ثبات قدم ہے۔**حدیث شریف میں آیا ہے کہ** جو شخص نہ مرا اللہ کی راہ میں اور نہ تمنّا کی،مرگیا وہ نفاق کے شعبہ میں۔اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ کوئی شخص کامل مومن نہیں ہوتا جب تک اللہ تعالیٰ کی راہ میں مرنا دنیا کی زندگی سے وہ مقدم نہ کرے۔۔پھر یہ کیسا گراں مرحلہ ہے ان لوگوں کے لیے جہنوں نے دنیا کی حیات کو عزیز سمجھا۔خدا تعالیٰ کی راہ میں مرنے کے یہ معنی نہیں کہ انسان خواہ مخواہ لڑائیاں کرتا پھرے۔بلکہ اس سے یہ مراد ہے کہ خدا تعالیٰ کے احکام اور اوامر کو،اس کی رضا کو اپنی تمام خواہشوں اور آرزوؤں پر مقدم کرے۔اور پھر اپنے دل میں غور کرے کہ کیا وہ دنیا کی زندگی کو پسند کرتا ہے یا آخرت کو اور خدا کی راہ میں اگر اس پر مصائب وشدائد بھی پڑیں تو وہ ایک لذّت اور خوشی کے ساتھ انہیں برداشت کرے اور اگر جان بھی دینی پڑے تو تردّد نہ ہو۔“ (ملفوظات جلد چہارم صفحہ 423- 424ایڈیشن 2003ء)

خدا سے وہی لوگ کرتے ہیں پیار — جو سب کچھ ہی کرتے ہیں اس پر نثار
اسی فکر میں رہتے ہیں روز و شب — کہ راضی وہ دلدار ہوتا ہے کب؟
اسے دے چکے مال و جاں بار بار — ابھی خوف دل میں کہ ہیں نابکار

لگاتے ہیں دل اپنا اس پاک سے
وہی پاک جاتے ہیں اس خاک سے

(از درثمین۔علامات المقرّبین)

# پاکیزہ منظوم کلام حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

جو مرتا ہے وہی زندوں میں جاوے　　جو جلتا ہے وہی مردے جلاوے
ثمر ہے دور کا کب غیر کھاوے　　چلو اوپر کو وہ نیچے نہ آوے
نہاں اندر نہاں ہے کون لاوے　　غریق عشق وہ موتی اٹھاوے
وہ دیکھے نیستی رحمت دکھاو　　خودی اور خودروی کب اس کو بھاوے

مجھے تو نے یہ دولت اے خدا دی
فَسُبْحَانَ ا لَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

کہاں تک حرص وشوق مال فانی!　　اٹھو ڈھونڈو متاعِ آسمانی
کہاں تک جوش آمال وا مانی　　یہ سو سوچ ھیدہیں تم میں نہانی
تو پھر کیوں کر ملے وہ یار جانی　　کہاں غربال میں رہتا ہے پانی
کرو کچھ فکر ملک جاودانی　　یہ ملک ومال جھوٹی ہے کہانی
بسر کرت ہو غفلت میں جوانی　　مگر دل میں یہی تم نے ہے ٹھانی
خدا کی ایک بھی تم نے نہ مانی　　ذرا سوچو یہی ہے زندگانی؟

خدا نے اپنی رہ مجھ کو بتا دی
فَسُبْحَانَ ا لَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

کرو توبہ کہ تا ہو جائے رحمت　　دکھاؤ جلد تر صدق و انابت
کھڑی ہے سر پہ ایسی ایک ساعت　　کہ یاد آجائے گی جس سے قیامت

مجھے یہ بات مولیٰ نے بتا دی
فَسُبْحَانَ ا لَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

از درثمین: بشیر احمد، شریف احمد اور مبارکہ کی آمین




# خلاصہ خطبہ جمعہ

**سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ 20؍ جنوری 2023ء بمقام مسجد مبارک، اسلام آباد ٹلفورڈ یو کے حضرت صاحبزادہ عبد اللطیف شہید رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تذکرۃ الشہادتین میں ایک رؤیا کا ذکر کرتے ہوئے آخر پر لکھا کہ خدا تعالیٰ بہت سے اُن کے قائمقام پیدا کر دے گا، آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی رؤیا سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ مجھے امید ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد اللہ تعالیٰ بہت سے اُن کے قائمقام پیدا کر دے گا، ہم گواہ ہیں کہ آج افریقہ کے رہنے والوں نے اجتماعی طور پر اِس کا نمونہ دکھادیا اور قائمقامی کا حق ادا کر دیا ہے۔**

حضور انور ایدہ اللہ نے تشہد، تعوذ، سورۃ الفاتحہ نیز سورۃ البقرہ کی آیات 155 تا 157 کی تلاوت باترجمہ پیش کرنے کے بعد ارشاد فرمایا! اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والوں کے بارہ میں یہ اُس کا فرمان ہے کہ وہ مُردہ نہیں بلکہ زندہ ہیں۔

**اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی:** جماعت احمدیہ میں گزشتہ سو سال سے زائد عرصہ سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان کی قربانیاں پیش کی جارہی ہیں، کیا اُن کی قربانیاں رائیگاں گئیں؟ نہیں! بلکہ جہاں اللہ تعالیٰ بمطابق اپنے وعدہ اِن شہداء کے مقام کو بلند کرتا رہا وہاں جماعت کو پہلے سے بڑھ کر ترقیات سے نوازتا رہا۔ اِن شہیدوں نے جہاں اگلے جہان میں وہ مقام پایا جو اُنہی کا حصہ ہے اور اُن کے درجات ہمیشہ بڑھتے چلے جانے والے ہیں وہاں اِس دنیا میں بھی ہمیشہ کے لیے اُن کے نام روشن ہیں اور اِن کا اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینا نہ صرف اپنے لیے بلکہ جماعت کی زندگی کا بھی باعث بن رہا ہے۔ یہی تو ہیں جو پیچھے رہنے والوں کی زندگی اور ترقیات کا بھی ذریعہ بن رہے ہیں، پھر وہ مُردہ کس طرح ہو سکتے ہیں؟

**بعد میں آکر پہلوں سے سبقت لے گئے:** اپنی دنیاوی زندگیوں کی قربانی دے کر ہمیشہ کی زندگی حاصل کرنے والے بن گئے ہیں، جنہوں نے جان، مال، وقت کو قربان کرنے کا جب عہد کیا تو پھر نبھایا اور ایسا نبھایا کہ بعد میں آکر پہلے آنے والوں سے سبقت لے گئے، اللہ تعالیٰ اِن میں سے ہر ایک کو اُن بشارتوں کا وارث بنائے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی راہ میں قربانیاں کرنے والوں کو دی ہیں۔

**تفصیلات المناک واقعہ شہادت:** برکینا فاسو کا شہر ڈوری جہاں مہدی آباد نئی آبادی قائم ہوئی تھی وہاں جماعت ہے، ۱۱ جنوری کو عشاء کے وقت نو احمدی بزرگوں کو مسجد کے صحن میں باقی نمازیوں کے سامنے اسلام احمدیت سے انکار نہ کرنے کی بناء پر ایک ایک کرکے شہید کر دیا گیا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ، رپورٹ

کے مطابق بوقت عشاء چار موٹر سائیکل پر آٹھ مسلح دہشت گرد مسجد میں آئے تو اذان ہو رہی تھی، اُس وقت تک کچھ نمازی آچکے تھے اور باقی ابھی آرہے تھے، اذان ختم ہونے کے بعد دہشت گردوں نے مؤذن سے احباب کے مسجد میں جلد آنے کا اعلان کروایا کہ کچھ لوگ آئے ہیں اُنہوں نے بات کرنی ہے۔ جب نماز کا وقت ہو گیا تو امام ابراہیم بد گا صاحب نے اُن سے کہا کہ ہمیں نماز پڑھ لینے دیں لیکن اُنہوں نے اجازت نہ دی۔ اُنہوں نے امام صاحب سے جماعت احمدیہ کے عقائد کے متعلق کافی سوالات کیے جن کے جوابات امام صاحب نے تسلی اور بہادری سے دیے اور بتایا کہ ہم لوگ مسلمان ہیں اور آنحضرت ﷺ کو ماننے والے ہیں، حضرت عیسیٰؑ وفات پاچکے ہیں اور مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ السلام امام مہدی اور مسیح موعود کے طور پر آئے ہیں آخر پر مسلح افراد یہ باتیں سن کر کہا کہ احمدی مسلمان نہیں بلکہ پکے کافر ہیں اور نعوذ باللہ! آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعویٰ کو جھوٹا قرار دیا۔

**میرا سر قلم کرنا ہے تو کر دیں لیکن مَیں احمدیت نہیں چھوڑ سکتا:** پھر دہشت گردوں نے مسجد میں موجود احباب وخواتین سمیت 60 سے 70 نمازیوں میں سے بچوں، نوجوانوں اور بزرگوں کے الگ الگ گروپ بنائے بلحاظ عمر گروپس بنانے کے بعد اُنہوں نے بڑی عمر کے افراد سے مسجد کے صحن میں آنے کا کہا، اُس وقت دس انصار مسجد میں موجود تھے جن میں سے ایک معذور کو یہ کہہ کر بٹھا دیا گیا کہ تم کسی کام کے نہیں ہو بیٹھے رہو۔ مسجد کے صحن میں کھڑا کر کے امام ابراہیم بد گا صاحب سے کہا! اگر وہ احمدیت سے انکار کر دیں تو اُنہیں چھوڑ دیا جائے گا اُنہوں نے کہا: میرا سر قلم کرنا ہے تو کر دیں لیکن مَیں احمدیت نہیں چھوڑ سکتا، جس صداقت کو مَیں نے پالیا ہے اِس سے پیچھے ہٹنا ممکن نہیں، ایمان کے مقابلہ میں جان کی حیثیت کیا ہے؟ اُنہوں نے امام صاحب کی گردن پر بڑا چاقو رکھا اور اُن کو لِٹا کر ذبح کرنا چاہا لیکن مزاحمت اور کہنے پر کہ مَیں لیٹ کر مرنے کی نسبت کھڑے رہتے ہوئے جان دینا پسند کروں گا، امام صاحب کو گولیاں مار کر شہید کر دیا گیا۔

**سب احمدی بزرگوں نے پہاڑوں جیسی استقامت کا مظاہرہ کیا:** امام صاحب کو بے دردی سے شہید کرنے کے بعد دہشت گردوں نے خیال کیا کہ باقی لوگ خوفزدہ ہو کر ایمان سے پھر جائیں گے، چنانچہ اُنہوں نے اگلے احمدی بزرگ سے کہا کہ احمدیت سے انکار کرنا ہے یا تمہارا بھی وہی حشر کریں جو تمہارے امام کا کیا ہے؟ اُس بزرگ نے بڑی دلیری اور بہادری سے کہا کہ احمدیت سے انکار ممکن نہیں ہے، جس راہ پر چل کر ہمارے امام نے جان دی ہے ہم بھی اِسی راہ پر چلیں گے۔ اِس پر اُنہیں بھی سر میں گولیاں مار کر شہید کر دیا گیا۔ پیچھے رہ جانے والے افراد سے بھی فرداً فرداً یہی مطالبہ کیا گیا کہ امام مہدیؑ کا انکار کر دیں اور احمدیت چھوڑ دیں تو اُنہیں کچھ نہیں کہا جائے گا اور زندہ چھوڑ دیا جائے گا۔ سب احمدی بزرگوں نے پہاڑوں جیسی استقامت کا مظاہرہ کرتے ہوئے جرأت اور بہادری سے شہادت کو گلے لگانا قبول کر لیا، کسی ایک نے بھی ذراسی کمزوری دکھائی اور نہ ہی احمدیت سے انکار کیا، ایک کے بعد ایک شہید گرتا رہا لیکن کسی کا ایمان متزلزل نہیں ہوا۔ سب نے ایک دوسرے سے بڑھ کر یقین محکم اور دلیری کا مظاہرہ کیا اور ایمان کا عَلم بلند رکھتے ہوئے اللہ کے حضور اپنی جانیں پیش کر دیں۔

**ہر شہید کو کم وبیش تین گولیاں ماری گئیں:** نو شہداء میں دو جڑواں بھائی بھی شامل تھے جب 8 افراد کو شہید کیا جا چکا تو آخر پر سب شہداء سے چھوٹے 44 سالہ آگوما آگ عبد الرحمٰن صاحب سے دہشت گردوں نے پوچھا کہ تم جوان ہو، احمدیت سے انکار کر کے اپنی جان بچا سکتے ہو۔ اُنہوں نے بڑی شجاعت سے جواب دیا: جس راہ حق پر چل کر میرے بزرگوں نے قربانی دی ہے، **مَیں بھی اپنے امام اور بزرگوں کے نقش قدم پر چل کر ایمان کی خاطر اپنی جان قربان کرنے کے لیے تیار ہوں**، اِس پر اُنہیں بھی بڑی بے دردی سے چہرہ پر گولیاں مار کر شہید کر دیا گیا۔ دہشت گردوں کے مسجد میں آنے سے لے کر سوال وجواب، عقائد پر تفصیلی بحث اور ساری کارروائی کر کے مسجد سے نکلنے تک کم وبیش ڈیڑھ گھنٹے کا وقت بنتا ہے، اِس دوران بچے اور باقی افراد جس کرب اور تکلیف سے گزرے ہوں گے اُس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے، اُن کے سامنے اُن کے بزرگوں کو شہید کیا جا رہا تھا۔ (روزنامہ الفضل آن لائن لندن، 23 جنوری 2023ء بروز سوموار)

# وصیت کر

نظم عبدالسلام اختر (بھیجنے والی امتہ المنان ندیم مجلس بیت النصر)

سُن اے حق آشنا تو اہلِ ایماں ہے وصیت کر
کہ یہ ارشادِ باری ، حکم قرآں ہے وصیت کر
تجھے حاصل اگر کچھ فہم و عرفاں ہے وصیت کر

وصیت کر کہ تکمیل عروجِ بزم انساں ہو
خدا کا فضل ہر حالت میں خود تیرا نگہباں ہو
اگر سوچے تو اُس کا فضل ارزاں ہے وصیت کر

وصیت کیا ہے معراجِ حصولِ فضلِ ربانی
بنائے فخر ایمانی ۔ کمال نوعِ انسانی
یہی آرام و تسکین و دل و جاں ہے وصیت کر

نہ کر تکیہ یہاں کی زندگی پر یہ ہے نادانی
یہاں کی زندگی دھوکہ ، یہاں کی زندگی فانی
یہاں ہر گل میں اک شعلہ فروزاں ہے وصیت کر

ہزاروں ہیں جو اس منزل پہ ہمت ہار بیٹھے ہیں
بہت آگے گئے باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں
اگر زادِ سفر کا تجھ کو ارماں ہے وصیت کر

یہ چند اشعار اخترؔ میری جانب سے ہیں نذرانہ
ہمیں کچھ کیں نہیں بھائیو، نصیحت ہے غریبانہ
وصیت پر دل و جاں اپنے قرباں ہیں وصیت کر

# نظامِ خلافت اور نظامِ وصیت دونوں ایک ہی لڑی میں جُڑے ہوئے ہیں

از طرف۔شعبہ وصیت لجنہ ناروے

جیسا کہ موضوع سے ظاہر ہے کہ نظامِ خلافت اور نظامِ وصیت ایک ہی لڑی میں پروے ہوئے دو موتی ہیں مگر اس کی حقیقت جاننے سے قبل اس کے پس منظر میں دیکھنا بھی ضروری ہے کہ اس کی بنیاد کس نے ڈالی اور کس بناپہ اس کی ضرورت پیش آئی۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام کو جب خدا تعالیٰ نے مسلسل وحی کے ذریعہ آپ کی وفات کی اطلاع دی تو ساتھ ہی ساتھ آپ کے ذریعہ قائم کردہ جماعت کی دائمی بقا کے لیے قدرتِ ثانیہ یعنی نظامِ خلافت کے ظہور کی خوشخبریوں سے بھی نوازا۔

چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے 1905 میں خدا تعالیٰ کی خاص تائید و نصرت سے ایک رسالہ الوصیت تحریر فرمایا:

جس کے **اوّل حصّہ** میں نظامِ خلافت کے اجراء کی پیشگوئی فرمائی اس بشارت کا تعلق آپ کے وصال کے بعد ایک روحانی نظامِ قیادت یعنی خلافت کے قیام سے تھا جس کو آپ نے قدرتِ ثانیہ کے الفاظ میں بیان فرمایا۔

اور **دوسرے حصّہ** میں جماعتِ احمدیہ کی عالمگیر ترقیات کے لیے مالی ضرورت کے پیشِ نظر آسمانی بشارتوں کے تحت وصیت کا نظام جاری فرمایا۔اور اس دوسری بشارت کا تعلق روحانی زندگی کی بقا اور ترقّی کے لیے تھا۔

**حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:** وصیت خدا تعالیٰ کا قائم کردہ نظام ہے جس نے نظامِ خلافت کے زیرِ سایہ پھلنا اور پُھولنا ہے اور بالآخر ساری دنیا کو اپنے فیض سے بہرہ ور کرنا ہے۔

## نظامِ خلافت اور نظامِ وصیت کا گہرا تعلّق۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔نظامِ خلافت اور نظامِ وصیت کا بڑا گہرا تعلّق ہے۔نظامِ خلافت کے لیے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے رہیں اور اس کے لیے قربانیاں بھی دیتے چلے جائیں(خطبہ جمعہ اگست 2004)پس نظامِ خلافت کی پیش گوئی کا فرمانا یہ ثابت کرتا ہے کہ ان دو نظاموں کا گہرا تعلّق ہے اور جس طرح نظامِ وصیت میں شامل ہو کر انسان تقویٰ کے اعلیٰ معیار اپنے اندر پیدا کر سکتا ہے اسی طرح خلافتِ احمدیہ کی اطاعت کا جوّا گردن پر رکھنے سے اس کی روحانی زندگی کی بقا ممکن ہے۔مالی قربانی کا نظام بھی خلافت کے بابرکت سائے میں ہی مضبوط ہو سکتا ہے۔پس جب تک خلافت رہے گی جماعت کی مالی قربانیوں کے معیار بڑھتے رہیں گے اور دین بھی ترقّی کرتا چلا جائے گا۔ (خصوصی پیغام عالمگیر احمدیت 21جولائی 2005)

## وصیت کا نظام خلافت سے تعلّق اور خلافت کے زیرِ سایہ نظامِ وصیت کا فروغ۔

نظامِ وصیت اور خلافت کا،چولی دامن کا ساتھ ہے اور یہ سلسلہ خدا کے ہاتھ کا لگایا ہوا پودا ہے۔جس نے بہر صورت آگے بڑھنا اور ترقّی کرنا اور بالآخر ساری دنیا پر روحانی طور پر غالب آنا ہے۔لہٰذا اِسی حقیقت کے پیشِ نظر خلفاء کرام کے ادوار میں وصیت کے لیے ترقّی اور کی گئی کوششوں پہ ایک نظر ملاحظہ فرمائیں:

**خلافتِ اُولیٰ:** حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے رسالہ الوصیت تحریر فرمانے کے معاًبعد صدر انجمن احمدیہ قادیان کا قیام فرمایااور حضرت حکیم مولوی نورالدّین کو اس کا صدر مقرر فرمایا آپ کی صدارت میں مورخہ 29 جنوری 1906ء کو مجلس معتمدین صدر انجمن احمدیہ قادیان کا اجلاسِ اوّل منعقد ہوا جس میں مسوّدہ وصیت ریکارڈ کیا گیا اور وصیت سے متعلقہ امور طے کیے گے۔

**خلافتِ ثانیہ:** حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جلسہ سالانہ قادیان 1942ء کے آخری روز ایک معرکۃ الآرا خطاب فرمایا جس میں آپ نے دنیا میں رائج مختلف اقتصادی نظاموں کا تقابلی جائزہ فرمایا اور ان سب نظاموں میں پائی جانے والی خامیوں کی نشاندہی فرمائی۔اور ثابت فرمایا کہ خدا تعالیٰ کی مشیّت کے تحت قائم ہونے والا نظامِ وصیت ہی صرف ان خامیوں سے پاک ہے۔یہی وہ نظام ہے جس نے بالآخر ساری دنیا کے معاشی اور معاشرتی مسائل کو حل کرنا ہے۔

**آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں** کہ عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے جب دنیا چلاّ چلاّ کر کہے گی کہ ہمیں ایک نئے نظام کی ضرورت ہے۔تب چاروں طرف سے آوازیں اُٹھنی شروع ہو جائیں گی کہ آؤ ہم تمہارے سامنے ایک نیا نظام پیش کرتے ہیں۔روس کہے گا آؤ میں تمہیں نیا نظام دیتا ہوں۔ہندوستان کہے گا آؤ میں تمہیں نیا نظام دیتا ہوں۔جرمنی،اٹلی اور امریکہ کہیں گے کہ ہم تمہیں نئے نظام دیتے ہیں اُس وقت میرا قائم مقام کہے گا کہ یہ نیا نظام الوصیت میں موجود ہے اگر دنیا فلاح کے رستے پہ چلنا چاہتی ہے تو اس کا ایک ہی طریق ہے اور وہ یہ کہ الوصیت کے پیش کردہ نظام کو دنیا میں جاری کیا جائے۔(نظامِ نو صفحہ 125)

آپ رضی اللہ تعالیٰ نے مزید فرمایا: تحریکِ جدید کے ذریعہ ملکوں میں تبلیغ ہو گی اور تبلیغ کے ذریعہ لوگ احمدیت قبول کریں گے پھر احمدیت قبول کرنے کے بعد وہ وصیت کریں گے اور اس نظام کے جاری ہونے کے ساتھ ساتھ احمدیت کو غیر معمولی تقویت اور غلبہ نصیب ہو گا۔اِن اموال کے ذریعہ جہاں اسلام کی اشاعت ہو گی،نیکی اور صالحیت ترقی کرے گی وہاں یتامیٰ اور مساکین کی خبر گیری اور بہبودِ انسانیت کا کام بھی وصیت کے اموال سے انجام پائے گا۔ان شاء اللہ۔

**آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:** جب وصیت کا نظام مکمل ہو گا تو صرف تبلیغ ہی اس سے نہ صرف ہو گی بلکہ اسلام کی منشاء کے تحت ہر فردِ بشر کی ضرورت کو اس سے پورا کیا جائے گا۔اور دُکھ اور تنگی کو دنیا سے مٹا دیا جائے گا۔ان شاء اللہ۔یتیم بھیک نہ مانگے گا،بیوہ لوگوں کے آگے ہاتھ نہ پھیلائے گی،بے سروسان پریشان نہ پھرے گا۔کیونکہ وصیت بچوں کی ماں ہو گی،نوجوانوں کی باپ ہو گی،عورتوں کا سُہاگ ہو گی،اور جبر کے بغیر محبت اور دِلی خوشی کے ساتھ بھائی بھائی کی اس کے ذریعہ سے مدد کرے گا اور اس کا دینا میں بدلہ نہ ہو گا۔ہر دینے والا خدا اسے بہتر بدلہ پائے گا،نہ امیر گھاٹے میں رہے گا نہ غریب۔نہ قوم قوم سے لڑے گی بلکہ اس کا احسان سب دنیا پر بہت وسیع ہو گا۔ان شاء اللہ (نظامِ نو 131-132)

**خلافتِ ثالثہ:** خلافتِ ثالثہ میں ایک بڑا کام مجالسِ موصیان کا قیام اور ان مجالس کے ذریعہ قرآنِ کریم پڑھنے اور پڑھانے نیز اس کی تعلیمات پر عمل کروانے کا انتظام کرنا اور اس غرض سے وقفِ عارضی کی سکیم کو منظم اور فعال کیا جانا تھا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کہ قرآنِ کریم کے انوار کی اشاعت کرنا ہر موصی کا،اور اب موصیوں کی مجلس کا بحیثیت مجلس،پہلا اور

آخری فرض ہے اور جنہوں نے ابھی تک وصیت نہیں کی اُن پر یہ فرض ہے کہ پہلے اپنے گھر سے شروع کریں حتیٰ کہ ان کے گھر میں کوئی مرد کوئی عورت کوئی بچہ یا کوئی دیگر فرد جو ان کے اثر کے نیچے ہو یا ان کے پاس رہتا ہو ایسا نہ رہے کہ جسے قرآن نہ آتا ہو۔ پہلے ناظرہ پڑھنا سکھانا ہے۔ پھر اس کے معانی اور اس کی حکمتوں سے آگاہ کرنا ہے۔ (خطبہ جمعہ فرمودہ 5 اگست 1966ء)

**خلافتِ رابعہ میں نظامِ وصیت۔** حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دورِ خلافت میں نظامِ وصیت کے مقاصد میں سے ایک مقصد تقویٰ میں ترقّی کے ساتھ جو غیر معمولی قربانی کی روح ہے اس پہلو کے بارے میں مجلسِ کارپرداز کے نام مختلف مواقع پر اپنی تفصیلی ہدایات اور متعدد موصیان کے نام خطوط میں روشنی ڈالی۔

**آپ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:** وصیت کی بنیاد وہ روح ہے، جس کے پیشِ نظر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نظامِ وصیت جاری فرمایا اور وہ روح یہ ہے کہ وہی شخص موصی کہلائے گا جو دینی عمل اور اعتقادات کے لحاظ سے بھی صفِ اوّل پہ ہو اور مالی قربانی میں بھی ایسی شاندار قربانی کرنے والا ہو کہ آئندہ نسلیں اس کی قربانی کا حال دیکھ کر اس کے لیے دعائیں کریں۔ (رپورٹ مجلس مشاورت 1983ء صفحہ 141-142)

**عمر کے آخری حصہ میں وصیت کرنے والوں کے متعلق آپ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:**

جو شخص ساری عمر کی کمائیاں کھانے، جائیدادیں بنانے اور انہیں آگے تقسیم کرنے اور زندگی کی رونقوں سے لطف اندوز ہونے کے بعد ایسی لمبی عمر میں جا کر وصیت کرے اس کا یہ عمل وصیت کرنے کی روح کے ہی خلاف ہے۔ اس لیے ایسی وصیتیں شروع ہی میں قبول نہیں کرنی چاہییں۔ (رجسٹر ارشادات حضور ایدہ اللہ رجسٹر نمبر 3 ارشاد نمبر 258) آپ نے مزید فرمایا: غربت کی وجہ سے اگر کوئی توفیق نہیں پا سکتا تو اس پہ کوئی گناہ نہیں۔

**خلافتِ خامسہ میں نظامِ وصیت کا سُبک خرام ارتقاء:** ہمارے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا منصبِ خلافت پر متمکن ہونے سے قبل بھی نظامِ وصیت کے انتظامی امور سے لمبا عرصہ خاص تعلّق رہا ہے۔ مسندِ خلافت پہ متمکن ہوتے ہی نظامِ وصیت کو ایسی سُبک خرام ترقی ملی کہ گویا کہ اس نظام کا تو احیاءِ نو ہو گیا اور یہ سلسلہ گذشتہ سالوں سے بڑھتا چلا گیا۔ الحمد للہ۔

حضور انور نے جلسہ سالانہ یوکے 2004ء پر معرکۃ الآرا اور تاریخ ساز خطاب فرمایا اور عالمگیر اجماعتِ حمدیہ کو 2005ء میں نظامِ وصیت کے 100 سال پورے ہونے پر موصیان کی تعداد 50 ہزار اور خلافتِ احمدیہ کی صد سالہ جوبلی 2008ء تک کمانے والے افراد کے 50 فیصد کو نظامِ وصیت میں شامل کرنے کی خواہش کا اظہار فرمایا اور یہ کہ جماعت کی طرف سے اللہ کے حضور ایک حقیر سا نذرانہ ہو گا جو جماعت خلافت کے سو سال پورے ہونے پہ شکرانے کے طور پہ اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کر رہی ہو گی۔ ان شاء اللہ (اختتامی خطاب جلسہ سالانہ یوکے یکم اگست 2004ء)

حضور انور نے فرمایا: ”سب سے پہلے میں یہاں کہوں گا کہ تمام عہدیداران جو ہیں ان کو اس نظام میں شامل ہونا چاہیے۔ نیشنل عاملہ سے لے کر نچلی سطح تک جو بھی عاملہ ہے اس کے لیول تک عاملہ کا ممبر اس نظام میں شامل ہو تبھی وہ تلقین کرنے کے قابل ہو گا۔“ (سالانہ اجتماع انصار اللہ یوکے 26 ستمبر 2006ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں: پس اللہ تعالیٰ توفیق دے کہ اس کا شکر گزار بندہ بنتے ہوئے ہم بھی ان اعمال کو بجا لانے والے ہوں کیونکہ نظامِ وصیت ہی ذہنوں اور مالوں کو پاک کرنے کا ذریعہ ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جس طرح بعض مسلمان کرتے ہیں کہ غلط طریق سے مال کمایا اور پھر بازار میں ٹھنڈے پانی کی سبیل لگا دی یا برف ڈلوا دی یا مسجد بنوا دی یا اس کا کچھ حصہ بنوا دیا۔ یا حج کر آئے اور سمجھ لیا کہ ہمارے ناجائز ذریعے سے کمائے ہوئے مال پاک

ہوگئے ہیں۔ایسے لوگ تو دین کے ساتھ مذاق کرنے والے ہوتے ہیں۔بلکہ یہاں پاک کرنے کے ذریعے سے یہ مطلب ہے کہ پاک ذرائع سے کمائی ہوئی جو دولت ہے اس کو جب پاک مقاصد کے لیے خرچ کیا جائے گا تو اس سے تمہارے اندر جہاں روحانی تبدیلیاں پیدا ہوں گی وہاں تمہارے اموال ونفوس میں بے انتہا برکت پڑے گی۔جیسا کہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دعا کی ہے رسالہ الوصیت میں اور تین دفعہ یہ دعا کی ہے کہ ایسے لوگوں کو جو اس نظام میں شامل ہوں نیک اور پاک لوگوں کی جماعت بنادے۔تو مختصراً آج میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ جہاں جلسے کے بابرکت اختتام پر آپ نے شکرانے کا اظہار کیا اور شکرانے کا اظہار کر رہے ہیں وہاں اس شکرانے کا عملی اظہار بھی کریں کیونکہ جہاں اس نظام میں شامل ہونے والے تقویٰ میں ترقی کریں گے وہاں جماعت کی مضبوطی کا باعث بھی بنیں گے۔جیسا کہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے رسالہ الوصیت میں دو باتوں کا ذکر فرمایا ہے کہ ایک تو یہ ہے کہ آپ کی وفات کے بعد نظام خلافت کا اجراء اور دوسرے اپنی وفات پر آپ کو یہ فکر پیدا ہونا کہ ایسا نظام جاری کیا جائے جس سے افراد جماعت میں تقویٰ بھی پیدا ہو اور اس میں ترقی بھی ہو اور دوسرے مالی قربانی کا بھی ایسا نظام جاری ہو جائے جس سے کھرے اور کھوٹے میں تمیز ہو جائے اور جماعت کی ضروریات بھی باحسن پوری ہو سکیں۔اس لیے وصیت کا نظام جاری فرمایا تھا۔تو اس لحاظ سے میرے نزدیک نظام خلافت اور نظام وصیت کا بڑا گہرا تعلق ہے اور ضروری نہیں کہ ضروریات کے تحت پہلے خلفاء جس طرح تحریکات کرتے رہے ہیں، آئندہ بھی اسی طرح مالی تحریکات ہوتی رہیں بلکہ نظام وصیت کو اب اتنا فعال ہو جانا چاہیے کہ سو سال بعد تقویٰ کے معیار بجائے گرنے کے نہ صرف قائم رہیں بلکہ بڑھیں اور اپنے اندر روحانی تبدیلیاں پیدا کرنے والے بھی پیدا ہوتے رہیں اور قربانیاں پیدا کرنے والے بھی پیدا ہوتے رہیں۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 99-98 الحکم 24 جون 1901ء)

پس ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم حضورِ انور کے ارشاد پر غور کریں، فکر کریں جو سستیاں اور کوتاہیاں ہو چکی ہیں اُن پر استغفار کریں اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آواز پر لبّیک کہتے ہوئے جلد از جلد اس نظام میں شامل ہوں اور اپنے آپ کو بھی بچائیں اور اپنی نسلوں کو بھی بچائیں۔اللہ تعالیٰ کے فضلوں سے بھی حصّہ پائیں۔اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

وصیت کیا ہے معراجِ حصولِ فضلِ ربّانی      بِنائے فخرِ ایمانی کمالِ نوعِ انسانی

”لجنات حضور انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نوافل کا التزام کریں۔

جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لیے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔“

# خلافت

نبیلہ رفیق مجلس درامن

یہ سچ ہے خالقِ کون ومکاں ہر شہ پہ قادر ہے
وہ خیر الماکرین،تدبیر کرتا ہے حکیمی سے

کیے وعدے وہ اپنے پاک بندوں سے نبھاتا ہے
ہے جس کا نام قدرت ثانیہ منظر پہ لاتا ہے

نیابت کا عطا ہوتا ہے،ہدیہ پھر سے امت کو
دلِ مومن کرے آباد وہ دے کے خلافت کو

ملی آدم کو دنیا کی،خلافت ذات واحد سے
بشر کی اس سعادت پہ ملائک رشک کرتے تھے

خلافت کیا ہے اک چھایا،راحت کی سکینت کی
صلح وجوئی، تسلیم ورضا کی اور ہدایت کی

شریعت کے پرت کھلتے ہیں تہ در تہ خلافت سے
عبادت کی حلاوت رچتی ہے خلافت سے

خلافت آنچ ہوتی ہے، نبوت کے چراغوں کی
دلِ صدیق کو کندن بناتی ہے تپش جس کی

خلافت نام ہے خیر الوریٰ کی جانشینی کا
عمر ابو بکر عثمان وعلی کی جانثاری کا

خلافت درس دیتی ہے عجز سے سر جھکانے کا
مساوات واخوت کا خدا کا قرب پانے کا

یہ وہ مالی ہے جو ہر ڈال کو گلنار کرتا ہے
کھلا ہے دامنِ شفقت، عجب مہکار رکھتا ہے

خلافت کا شجر دیتا ہے ہر مطلوب کو سایہ
اندھیرے نور بن جائیں یہ وہ اعجاز رکھتا ہے

ثریا پر گئے ایماں پلٹتے ہیں، نبوت سے
عرش تک نور کے رستے نکلتے ہیں خلافت سے

نبوت قطرہ اول، خلافت ابرِ بارانی
نبوت سرّ وحدت ہے، خلافت فضلِ ربانی

نبوت نور کا چشمہ، خلافت شعلہ سامانی
نبوت حوضِ کوثر، ہے خلافت آبِ روحانی

نبوت کے کرشمے نے خلافت کو جلا بخشی
خلافت کی محبت نے اس عاجز کو زباں بخشی

بڑھے گی اور پھولے گی نیابت اب مسیحا کی
رہے گی حشر تک قائم خلافت اس مسیحا کی

یہ قدرت دم بدم بھٹکوں کو راہِ حق دکھاتی ہے
عروجِ آدمیت کا فہم وادراک لاتی ہے

خلافت کے تعلق سے دلوں میں نور جلتے ہیں
پناہِ زندگی ملتی، وساوس دور ہوتے ہیں

# خلافت امن عالم کی ضامن

تحریر کردہ: ثمینہ ظہور مجلس Lillestrøm

آج کی دنیا کے حالات پر نظر ڈالی جائے تو ہر انسان خواہ دنیا کے کسی بھی خطہ سے تعلق رکھتا ہو اس بات سے خوف زدہ ہے کہ دنیا بدامنی اور انتشار کی وجہ سے تیسری جنگ عظیم کے دہانے پر کھڑی ہے گویا کسی بھی وقت جنگ چھڑ سکتی ہے۔ ترقی یافتہ اور جدید اسلحہ سے لیس دنیا کی یہ ایٹمی جنگ ساری دنیا کو اس طرح اپنی لپیٹ میں لے لے گی کہ خطہ زمین پر کوئی بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے گا ایسے خوف کے وقت میں خلافتِ احمدیہ زمین پر خدا کا قائم کردہ وہ نظام ہے جو تمام اقوام کو بغیر کسی رنگ و نسل کے امتیاز کے ایک جھنڈے تلے اکٹھا کر دیتا ہے۔ خدا کے چنیدہ کے ہاتھ پر بیعت کر کے انسان ایک ایسے حصار میں آ جاتا ہے کہ جو اس کے ایمان کو مضبوطی اور جلا بخشتا ہے۔ خلافت الہام الٰہی اور خداداد بصیرت سے ایسے راہنمائی کرتی ہے کہ اس کے پیچھے چل کر نہ صرف عام انسان بلکہ اقوام بھی امن و سلامتی کی راہ پاسکتی ہیں۔ اس بدامنی اور بے سکونی کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ دُنیا نے اپنے خالق کو بھلا دیا ہے۔ خدا اور اس کے رسول کے بتائے ہوئے راستوں کو ترک کر دیا ہے اور وقت کے امام کو ماننے سے انکار کر دیا ہے۔ جب انسان خالق سے ہی منہ موڑ لے تو اُسے پناہ کہاں مل سکتی ہے اس لیے خدا کی پہچان اور خدا کا قائم کردہ نظام خلافت ہی آج دنیا کی بقاء اور امن کا ضامن ہے۔

**قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:**"اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی خاطر مضبوطی سے نگرانی کرتے ہوئے انصاف کی تائید میں گواہ بن جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو۔ یقیناً اللہ اس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے جو تم کرتے ہو۔" (سورۃ المائدہ آیت 9)

**پھر ایک اور جگہ فرماتا ہے:**"اے داؤد! یقیناً ہم نے تجھے زمین میں خلیفہ بنایا ہے۔ پس لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر اور میلانِ طبع کی پیروی نہ کر ورنہ وہ (میلان) تجھے اللہ کے رستے سے گمراہ کر دے گا۔ یقیناً وہ لوگ جو اللہ کے رستے سے گمراہ ہو جاتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب (مقدر) ہے بوجہ اس کے کہ وہ حساب کا دن بھول گئے تھے۔" (سورۃ ص آیت 27)

ان آیات میں بنیادی اصول بیان کر دیے گیے ہیں جنہیں آج دنیا بُھلا چکی ہے اور جو امن عالم کو تباہ کرنے کی وجہ بن رہے ہیں۔ عدل و انصاف اور حق سے مبرّا فیصلے کیے جاتے ہیں۔ جہاں ذاتی مفادات اور فیورٹ ازم کو ترجیح دی جاتی ہے۔ آج اسلامی دنیا ہو، دیگر ممالک یا خود اقوام متحدہ ہر کسی کے دوہرے معیار ہم سب کے سامنے ہیں۔ ایسے تاریکی کے زمانے میں خدا تعالیٰ جب اپنے نائب کو بھیجتا ہے تو وہ اس زمانے کا حکم اور عدل ہوتا ہے اور اسے یہ ذمہ داری سونپی جاتی ہے کہ وہ انصاف کے ان اصولوں کو دنیا میں واپس قائم کرے جنہیں دنیا بُھلا چکی ہوتی ہے حضرت مسیح موعود علیہ السلام جو اس زمانے کے حکم اور عدل ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو الہاماً فرمایا کہ "سب مسلمانوں کو جو روئے زمین پر ہیں جمع کرو عَلٰی دِیْنٍ وَّاحِدٍ۔" (تذکرہ صفحہ 490 ایڈیشن چہارم) حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد آپ کے خلفاء بھی اس کام کے لیے کوشاں رہے ہیں اور اپنی تمام طاقتیں بروئے کار لا کر دنیا کو متنبہ کرتے رہے ہیں کہ اگر بے انصافی،

تفرقہ بازی اور غیر منصفانہ رویے اختیار کیے گیے تو دنیا بے مثل تباہی اور بربادی کا شکار ہو جائے گی۔

**حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ اس حوالے سے فرماتے ہیں:** "میں سمجھتا ہوں کہ یہ ادبار اور تنزل کا دور اور یہ بار بار کے مصائب حقیقت میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے انکار کا نتیجہ ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے اور آخری پیغام میرا یہی ہے کہ وقت کے امام کے سامنے سر تسلیم خم کرو۔ خدا نے جس کو بھیجا ہے اس کو قبول کرو وہی ہے جو تمہاری سربراہی کی اہلیت رکھتا ہے۔ اس کے بغیر اس سے علیحدہ ہو کر تم ایک ایسے جسم کی طرح ہو جس کا سر باقی نہ رہا ہو۔ پس واپس لوٹو اور خدا کی قائم کردہ قیادت سے اپنا تعلق باندھو خدا کی قائم کردہ قیادت کے انکار کے بعد تمہارے لیے کوئی امن اور فلاح کی راہ باقی نہیں پس واپس آؤ اور توبہ اور استغفار سے کام لو" (خلیج کی جنگ اور حضرت امام جماعت احمدیہ کا تجزیہ صفحہ 7،8)

**حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز** نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نائب کی حیثیت سے دنیا میں اسلام اور امن کا پیغام پہنچانے کے لیے دنیا کی مختلف پارلیمنٹ میں خطاب کیے۔ دنیا کے متعدد سربراہان کو خطوط لکھے جن میں اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ امن عالم کے لیے کس طرح تباہی سے بچ کر امن اور تحفظ کی راہ اختیار کی جاسکتی ہے۔ **چنانچہ 2012 میں کیپٹل ہل، واشنگٹن ڈی سی، امریکہ میں اپنے خطاب میں آپ نے فرمایا:** "حقیقت یہ ہے کہ امن اور انصاف کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔ یہ دونوں لازم و ملزوم ہیں۔ یہ وہ اصول ہیں جنہیں دنیا کے تمام باشعور اور دانا لوگ سمجھتے ہیں در حقیقت مفسدوں کے سوا کبھی بھی کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ کسی معاشرہ، ملک یا دنیا میں عدل و انصاف قائم ہونے کے باوجود فساد ہو سکتا ہے۔ تاہم ہمیں دنیا کے بہت سے حصوں میں امن کا فقدان اور فساد نظر آتا ہے۔ اس سے یہ یقینی طور پر ثابت ہوتا ہے کہ کہیں نہ کہیں انصاف کے تقاضے پامال ہو رہے ہیں۔ چنانچہ اس امر کی فوری ضرورت ہے کہ جب بھی اور جہاں کہیں بھی بے انصافی پائی جائے تو اس کا تدارک کیا جائے۔" (عالمی بحران اور امن کی راہ، صفحہ 73)

**حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر کے نام خط میں تحریر فرمایا کہ**

"میں مسیح موعود و مہدی موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جانشین اور خلیفہ ہونے کی حیثیت سے آپ کو خط لکھ رہا ہوں جن کی بعثت کی پیشگوئی آنحضرت ﷺ نے فرمائی۔ آپ کی قائم کردہ جماعت، جماعت احمدیہ مسلمہ عالمگیر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم دنیا کو باہمی محبت اور امن کے ساتھ جینے کا طریق سکھانے میں تن دہی سے مصروف ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ لوگوں کو متوجہ کرتا رہتا ہوں۔۔۔ چونکہ میں بھی رحمۃ اللعالمین کی امت کا ایک فرد ہوں اس لیے بنی نوع انسان سے محبت اور امت مسلمہ کی ہمدردی نے مجھے ابھارا کہ میں آپ کو خط لکھوں۔ اے خدا! تو مسلمان سربراہوں کو توفیق بخش کہ وہ میری بات کو سمجھیں اور امن عالم کے قیام کے لیے پورے اخلاص کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں۔ میں آپ کو خدا اور اس کے رسول ﷺ کے نام کا واسطہ دے کر ہمدردی خلق اور محبت کی وجہ سے استدعا کرتا ہوں کہ خدارا! امنِ عالم کے قیام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔"

(عالمی بحران اور امن کی راہ، صفحہ 239-241)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں ہمیشہ دنیا میں امن قائم کرنے کے لیے جدوجہد کرنے کی توفیق عطا فرماتا چلا جائے۔ تمام دنیا وقت کے امام کو مانتے ہوئے خلافت کے حصار میں آجائے تا یہ جان لے کہ امن کی اصل ضامن خلافت ہی ہے۔ آمین ثم آمین۔

صدق سے میری طرف آؤ اسی میں خیر ہے
ہیں درندے ہر طرف میں عافیت کا ہوں حصار

# اُس پھول سے چہرے سے ہی رونق ہے چمن میں

اِک تیر سا، آ کے یہ مرے دل پہ لگا ہے
حیرت میں ابھی تک ہوں یہ کیا میں نے سُنا ہے

اللہ نہ کرے آپ کو تکلیف کوئی آئے
اِک ٹھنڈی ہَوا آپ کی جانب سے سدا آئے

سوچُوں تو وجود، اپنا مرِا سارا یہ ہِل جائے
کرتی ہوں دعا، عُمر مری آپ کو مل جائے

اس پُھول سے چہرے سے ہی رونق ہے چمن میں
اِک شمعِ فروزاں ہے، ہر ایک کے مَن میں

وہ دل ہے جہاں بھر کے لیے پیار کا ساگر
ظلمت کی سیاہی میں وہی دل ہے ضیا گر

جِس دِل سے پہنچتی ہیں زمانے کو شعائیں
اُس دِل کو پہنچتی رہیں ہر دِل کی دعائیں

جِس شخص کی خاطر، ہر اِک جاں پہ بنی ہے
وہ شخص تو ہر اِک کے لئے چھاؤں گھنی ہے

کیا عزم ہے کیا حوصلہ اللہ نے دیا ہے
تکلیف میں بھی آپ نے اُف تک نہ کیا ہے

ہر دکھ میرے آقا نے تو، تنہا ہی سہا ہے
ہر فکر و اَلم، اپنے ہی شانوں پہ لِیا ہے

دلگیر جماعت نہ ہو اس فکر سے ہی ناز ؔ
دکھ اپنی علالت کا کسی سے نہ کہا ہے

اللہ کرے دُور ہوں، یہ ساری بلائیں
رحمت کی برستی رہیں ہر آن گھٹائیں

جاں اُس کی تو ہے وقف، ترِے دین کی خاطر
فعّال عُمر دے، اُسے مخلوق کی خاطر

مانگیں نہ اگر تُجھ سے تو پھر مانگیں گے کس سے

ہم تیرے ہی بندے ہیں ، ہمارا تُو خُدا ہے

طاہرہ زرتشت ناز

# بدرسومات اور احمدی خواتین کی ذمہ داریاں

سعدیہ جاوید مجلس بیت النصر

یہ وہ موضوع جس پر اکثربات کی جاتی ہے اوراس کی ضرورت بھی گاہے بگاہے پڑجاتی ہے۔حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا"میں جماعت کو یہ توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ ہم پر لازم ہے کہ وقتاً فوقتاً رسوم رواج کے خلاف آوز بلند کرتے رہیں" (خطبہ جمعہ 16/12/1983)

بدعات اور بدرسومات وقت کے ساتھ ساتھ اپنی شکلیں بدلتی رہتی ہیں کیونکہ ان کا اپنا تو کوئی وجود نہیں ہوتا۔خواہ وہ شادی بیاہ کی رسومات ہوں،پیدائش کی رسومات ہوں،غیروں کے تہوار منانے کی رسومات ہوں۔بدعات،رسم ورواج،فضولیات،تکلف،تصنع،نمائش کی دوڑ جگہ جگہ نظر آتی ہے سوال یہ ہے کہ کیا یہ تمام رسومات ہماری دائمی خوشیوں کو برقرار رکھتی ہیں یا صرف ان سے وقتی خوشیاں وابستہ ہیں۔اصل میں تو اللہ تعالیٰ اور رسول کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنا ہی حقیقی اوردائمی سکون کا باعث ہے۔بدعات اور بدرسوم کی راہیں شرک تک لے جاتی ہیں۔ہمارا پاک اور سچا مذہب زندگی میں آسانیاں بانٹتا ہے جبکہ یہ بدرسوم وبدعات زندگی میں مشکلات،تکالیف اور پریشانی کا موجب بنتی ہیں۔حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا یاد رکھو ہر رسم اور بدعت ضلالت ہے اور ہر ضلالت کا انجام دوزخ کی آگ ہے۔(سنن نسائی)

چونکہ موجودہ دور سوشل میڈیا کا دور ہے تو اس کی مہربانی سے تمام نامناسب رسمیں بھی بہت تیزی سے گردش کرتی ہیں۔شادی بیاہ کے معاملات کو ہی لے لیں نت نئی رسموں نے جگہ لے لی ہے۔بچی کی رونق سے لے کر شادی ولیمہ تک کے انداز ہی بدل گئے ہیں۔مائیں اس بات پر اصرار کرتی ہیں کہ لڑکے کی بھی مہندی کی تقریب ہونی چاہیے،مہندی،شادی کے گیتوں میں سسرال والوں کی برائیاں کرنا،پھر بچی وہی خیالات دل میں لے کر اپنی نئی زندگی میں قدم رکھ لیتی ہے۔شادی کی تقریب پر ڈیک پر گانے ضرور لگائیں جائیں،خاص طور پر جب دلہن شادی کے موقع پر حال میں داخل ہو،اصرار کیا جاتا ہے کہ صرف میوزک ہی تو لگانا ہے۔ رونق میں ڈانس کرنا وغیرہ۔

**حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:**"میں دیکھتا ہوں کہ ہمارے گھروں میں قسم قسم کی خراب رسمیں اور نالائق عادتیں جن سے ایمان جاتا رہتا ہے گلے کا ہار ہو رہی ہیں اور ان بری رسموں اور خلاف شرع کاموں سے یہ لوگ ایسا پیار کرتے ہیں جو نیک اور دینداری کے کاموں سے کرنا چاہیے۔"

(مجموعہ اشتہارات جلد 1 صفحہ 84)

**حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا:**"انسان میں ایک مرض ہے جس میں یہ ہمیشہ اللہ کا باغی بن جاتا ہے اور اللہ کے رسول اور نبیوں کو جھٹلاتا ہے۔وہ مرض عادت رسوم رواج یا کوئی خیالی ضرورت ہے۔یہ چار چیزیں میں نے دیکھا ہے،چاہے کتنی نصیحتیں کرو جب وہ اپنی عادت کے خلاف کوئی بات دیکھے گا یا رسم کے خلاف تو اس سے بچنے کے لیے کوئی نہ کوئی عذر تلاش کرے گا۔" (خطبات نور صفحہ 650)

**حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:**"شادی بیاہ وغیرہ کے موقع پر ایسی بدرسومات میں مبتلا نہ ہوں جو احمدیوں کو زیب نہیں دیتیں اور ایک دفعہ یہ بدرسومات آپ کی تقریبات میں راہ پا گئیں تو پھر یہ بیماریاں ہمیشہ کے لیے چمٹ جائیں گی اور بڑھتی رہیں گی اور پھر ان کا کوئی علاج نہیں کر سکیں گے۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 12/نومبر 1993)

اب ایک نئی رسم نے جنم لے لیا ہے۔ جس کا نام شلیمہ ہے۔ اوراس کا جواز یہ پیش کیا جاتا ہے کہ اس طرح خرچ کم ہوتا ہے کیونکہ دو فریق مل کر کرتے ہیں شادی کے موقع پر لڑکی اور لڑکے والے رخصتی اور ولیمہ کا فنکشن علیحدہ علیحدہ کرنے کی بجائے رقم اکٹھی کر کے بڑے بڑے مہنگے ہوٹلوں میں یا شادی ہالز میں ایک ہی فنکشن کر رہے ہیں۔ اس مشترکہ تقریب کو شلیمہ کا نام دیا گیا ہے۔ اس بارے حضور انور ایدّہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ارشاد فرمایا "یہ غلط ہے اور شرعاً غلط ہے۔ ولیمہ تو جب تک میاں بیوی کو خلوت صحیحہ میسر نہ ہو، نہیں ہو سکتا" خلوت صحیحہ کا مطلب ہے کہ میاں بیوی کا رخصتانہ کے بعد کسی ایسی جگہ پر تنہائی میں اکٹھے ہونا جہاں ان کی اجازت کے بغیر کوئی اندر نا آ سکے"

**حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ** "عورتوں کے عورتوں میں ناچنے میں بھی حرج ہے جہاں تک گانے کا تعلق ہے تو شریفانہ قسم کے، شادی کے گانے لڑکیاں گاتی ہیں، اس میں کوئی حرج نہیں" (خطبات مسرور جلد 2 صفحہ نمبر 94) جبکہ اس موقع پر دعا کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ شادی کے موقع پر ان تمام بدرسومات کو اختیار کرتے ہوئے جو باتیں اور خیالات سننے میں آتے ہیں ان کی نوعیت کچھ اس طرح سے ہوتی ہے۔ سب ہی لوگ کرتے ہیں، فلاں نے بھی کیا تھا، بچوں نے اپنے دوستوں کو بھی بلایا ہے، بچے ایسا کرنا چاہتے ہیں، ہمارے بچوں کی خوشی ہے وغیرہ۔ اس میں لوگوں کا ڈر، معاشرہ کا خوف تو شامل ہوتا ہے مگر اللہ تعالیٰ کے ڈر کا ذکر نہیں ہوتا۔ جبکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم ارشاد فرمایا ہے کہ **"وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ۔ اور مجھ ہی سے ڈرو"** (البقرۃ:41)

**اس طرح گود بھرائی کی رسم نے بھی اپنی شکل بدل لی ہے۔** اب جیسے ہی بچے کی جنس کا علم ہوتا ہے تو والدین اس اطلاع کی خوشی میں جینڈر رویل (Gender Reveal) کی تقریب منانے کی تیاریوں میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ باقاعدہ کیک تیار کروائے جاتے ہیں، مہمان بلائے جاتے ہیں۔ اگر ڈاکٹر نے بیٹے کی خوشخبری دی ہے تو نیلے رنگ کا کیک تیار کروایا جاتا ہے اور باقاعدہ ماحول کو نیلے قمقموں اور غباروں سے مزین کیا جاتا ہے اور اگر بیٹی ہے تو پھر رنگ بدل جاتا ہے اور ہر چیز گلابی یعنی پنک کلر کی تیار کی جاتی ہے۔ اس بارے میں بھی حضور انور نے ہماری راہنمائی فرمائی "جو رسم بچے کی جنس کا علم ہونے پر کیک کاٹنے کی مناتے ہیں۔ یہ بھی بدرسومات پیدا کر رہے ہیں اور غلط قسم کی حرکتیں کر رہے ہیں۔ اس قسم کی بدعات سے بچنا چاہیے "حالیہ سرکلر محترم امیر صاحب کے نام"

**اسی طرح کارنے وال، Halloween جیسی بدرسومات** جن سے اب یہاں کے والدین بھی تنگ ہو رہے ہیں۔ پہلے یہ ہی لوگ ان کے منانے پر بہت زور دیتے تھے۔ یعنی ہمیشہ انسان بدعادتوں اور بدرسومات سے ہی بیزار ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں سالگرہ تقریب بھی اپنے رنگ بدلتی رہتی ہے باقاعدہ ہال کرائے پر لیا جاتا ہے، کیک کاٹا جاتا ہے نیز اب یہاں کے معاشرہ سے متاثر ہو کر جب بچے، 19، 29، 39 وغیرہ کے ہوتے ہیں تو اپنے دوستوں کو بلایا جاتا ہے یا ان کے ایک تقریب کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جواز وہی کہ ہم تو کوئی رسم نہیں کر رہے بس انجوائے کرنے کے لیے کر رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ہماری انجوائے منٹ کا طریقے اسلامی تعلیمات سے ہٹ کر کیوں ہیں۔ ہم احمدی مسلمانوں نے دراصل اپنی اصلاح کے جہاد میں حصہ لینا ہے اور ہم نے اپنے عملی نمونوں سے ایسی رسومات کو روکنا ہے کیونکہ ہم ہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے مسیح محمدی اور نبی آخر زماں کو مانا ہے۔ اگر ہم لوگ بھی ایسی بدرسومات کا حصہ بن گئے تو پھر دنیا کو تباہی کے گڑھے میں گرنے سے کون بچائے گا۔

**سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز احباب جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں:** "اب ہم ایک طرف تو یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ ہم نے زمانے کے امام کو پہچان لیا، مان لیا ہے۔ دوسری طرف جو معاشرے کی برائیاں ہیں باوجود امام کے ساتھ عہد کرنے کے ان برائیوں کو چھوڑنا ہے ہم نہیں چھوڑ رہے۔ تو کہیں ہم پھر پیچھے کی طرف تو نہیں جا رہے۔ ہر ایک کو یہ محاسبہ کرنا چاہیے ہر ایک کو اپنا جائزہ لینا چاہیے۔ اگر ہم اس عہد بیعت پر قائم ہیں اپنے خدا سے ڈرتے ہوئے وساوس سے رکے ہوئے ہیں اور ہم اس پیارے خدا کی تعریف کرتے ہوئے حمد کرتے ہوئے پھر اس کی طرف جھکتے ہیں تو وہ ہمیں اس کے عوض اپنی جنت کی بشارت دے رہا ہے۔ جیسا کہ فرمایا اور جو اپنے رب کے مرتبے سے خائف ہوا اور اس نے اپنے نفس کو ہوس سے روکا تو یقیناً جنت اس کا ٹھکانہ ہے۔"

(شرائط بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں صفحہ 49)

# HIJAB DAY

تحریر،نایاب صدف۔ناروے /۔ترجمہ نبیلہ رفیق۔ناروے

یکم فروری کو Hijab day کے موقعہ پر لجنہ اماء اللہ ناروے کی نیشنل سکرٹری تبلیغ،نایاب صدف،نے ایک چھوٹی سی مگر دل کو چھونے والی تحریر نارویجن زبان میں لکھی ہے۔جو اردو ترجمے کے ساتھ پیش خدمت ہے۔

## حجاب:

میرے عزیز وطن ناروے!میں تمہاری شناخت چرانے کی کوشش نہیں کر رہی۔میں جانتی ہوں کہ تمہارا روائتی اور ثقافتی لباس بونادن (Bunaden) تمہارا فخر ہے۔تمہیں بھی یہ جاننا ہے کہ بالکل اسی طرح حجاب میرا فخر ہے۔

عزیز ناروے۔ہم آج پھر اپنا فخر لے کر یہاں کھڑی ہیں۔میرا اور آپ کا ساتھ بائیس برس سے ہے لیکن ہم ایک دوسرے کو نہیں سمجھ سکے۔میں نہیں کہہ سکتی کہ میں مناسب اور کافی نارویجن ہوں بھی کہ نہیں اور یقیناً ناروے جو میرا بھی ملک ہے اسے ابھی تک یہ ادراک نہیں ہوا کہ حجاب میرے لباس کا ایک اہم جزو ہے۔میرے عزیز خوبصورت دیس ناروے!میں تمہیں یقین دلاتی ہوں کہ میں یہاں ضم ہونے والے سب کام کرتی ہوں۔مثلاًیہ کہ اگرچہ "skiing" اسکینگ کرنا مجھے بہت مشکل لگتا تھا مگر میں نے اسے سیکھا شروع میں ایک آدھ مرتبہ میں گری مگر پھر سنبھل گئی میں اسکیٹنگ کرنے کے لیے بھی کھڑی ہوئی گوکہ کام بہت مشکل تھا،سردی کی شدّت میرے گالوں کو یخ کر دیتی تھی میرے سر پر ٹوپی تو نہیں ہوتی تھی مگر پھر بھی میرا سر گرم رہتا تھا کیونکہ میرے سر پر حجاب ہوتا تھا۔

ہر سال یکم فروری کو ہم عالمگیر حجاب کا دن مناتے ہیں۔اور یہ آج ہے۔

میرے عزیز وطن میری خواہش ہے کہ ہمارا آپس میں بہت اچھا تعلق ہو۔اور ہم دونوں ایک دوسرے کو سمجھ سکیں،میں جانتی ہوں کہ یہاں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو چاہتے ہیں کہ کاش میں حجاب نہ لیا کروں۔میرے دیس ناروے،جو نہیں لیتے ان کو کہنا چاہیے کہ وہ حجاب لیں۔میرا حجاب میرا اپنا انتخاب ہے،میری اپنی چوائس ہے۔

# تعارف شہادت القرآن

(طیبہ رضوان اور حافظہ طوبیٰ احمد)




حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی کتاب شہادت القرآن 1893ء میں تالیف فرمائی جو کہ روحانی خزائن کی جلد ششم میں شامل کی گئی ہے۔ روحانی خزائن کی جلد ششم حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پانچ تالیفات برکات الدعا، حجتہ الاسلام، سچائی کا اظہار، جنگ مقدس اور شہادت القرآن پر مشتمل ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تصانیف ہی دراصل وہ روحانی خزائن ہیں جن کی بدولت خدا تعالیٰ کا عرفان نصیب ہوتا ہے۔ آپ کی یہی تحریرات ہر قسم کی علمی اور اخلاقی، روحانی، اور جسمانی شفا اور ترقی کا زینہ ہیں۔ اس خزانے سے منہ موڑنے والا دین و دنیا، دونوں جہانوں سے محروم اٹھنے والا قرار پاتا ہے اور خدا کی بارگاہ میں متکبر شمار کیا جاتا ہے، جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں: ”جو شخص ہماری کتابوں کو کم از کم تین دفعہ نہیں پڑھتا، اس میں ایک قسم کا کبر پایا جاتا ہے“۔

(سیرت المہدی جلد اوّل حصہ دوم صفحہ 365)(ماخوذ از تعارف کتب حضرت مسیح موعودؑ۔ شائع کردہ مجلس انصار اللہ کینیڈا، صفحہ 5،62)

**<u>وجہ تصنیف</u>** ایک صاحب جن کا نام عطا محمد تھا انہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اگست 1893ء کو ایک خط لکھا جس میں وہ اپنی طبیعت کی تسلی کے لیے جاننا چاہتے تھے کہ اس بات کی کیا دلیل ہے کہ آپ مسیح موعود ہیں یا کسی مسیح کا انتظار کرنا ہمارے لیے ضروری اور لازمی ہے۔ وہ وفاتِ مسیح کے تو قائل تھے لیکن مسیح کا امت میں آنے کے منکر تھے وہ یہ تو مانتے تھے کہ مسیح کے آنے کی پیش گوئیاں احادیث میں موجود ہیں لیکن ان کے نزدیک احادیث قابلِ اعتبار نہیں ہیں کیونکہ ان کے خیال میں احادیث بہت عرصہ گزرنے کے بعد جمع کی گئی ہیں اور اکثر احادیث ایک راوی نے کسی ایک کو یا کچھ چند کو بیان کی ہیں اکثریت کو بیان نہیں کیں یعنی کہ وہ مجموعہ احاد (اسے ۹ تک گنتی) ہیں اس وجہ سے ان پر یقین کرنا مفید نہیں ہے سوال اہم تھا اس لیے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے تین ایسے امور تیار کیے کہ اگر ان کو بنیاد بنا کر چھان بین اور تحقیق کی جائے تو سوال کرنے والے کی تسلی کا امکان ہے اور انہی تین امور کا تفصیلی جواب کتاب شہادت القران کے نام سے تصنیف ہوئی۔

**اول** یہ کہ مسیح موعود کے آنے کی خبر جو حدیثوں میں پائی جاتی ہے کیا یہ اس وجہ سے ناقابلِ اعتبار ہے کہ حدیثوں کا بیان مرتبہ یقین سے دور و مہجور ہے۔

**دوسرے** یہ کہ کیا قرآن کریم میں اس پیشگوئی کے بارے میں کچھ ذکر ہے یا نہیں۔

**تیسرے** یہ کہ اگر یہ پیشگوئی ایک ثابت شدہ حقیقت ہے تو اس بات کا کیا ثبوت ہے کہ اس کا مصداق یہی عاجز ہے۔

**<u>پہلا تحقیق طلب امر:</u>** حضور علیہ الصلوٰۃ وسلام نے دلائل کے ساتھ یہ ثابت کیا کہ احادیث کا ہونا ایک لازمی حثیت رکھتا ہے۔ فرمایا کہ اگر حدیث کو چھوڑیں گے تو دین کا بہت سا حصہ ہاتھ سے جاتا رہے گا۔ صحیح طریق پر عبادات بھی ادا نہیں ہو سکیں گی کیونکہ قرآن کریم میں فجر ظہر کی رکعتوں کا تو ذکر ہے لیکن ان کی ادائیگی کا طریق رکعات میں کب کب کیا پڑھنا ہے کا ذکر نہیں ہے۔ نماز جنازہ میں سجدہ اور رکوع کے بغیر کیوں ہے؟ ان کی تفاصیل احادیث میں ہی درج

ہیں اور اسی طرح اسلامی تاریخ کا ایک اہم حصہ کی معلومات احادیث ہی سے ملتی ہیں جیسے کہ مکی، مدنی زندگی کے کیا حالات رہے، نبی کریم ﷺ کی کتنی ازواج تھیں؟ ان کے کیا نام تھے؟۔ خلفائے راشدین کے کیا نام تھے؟ ان کے زمانے میں اسلام نے کیسے ترقی کی؟

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس بات کی وضاحت کی کہ حدیث کو صرف اس بناء پر ماننے سے انکار کر دینا کہ ایک یا چند راویوں کی روایات سے یہ تیار کی گئی ہیں یہ عقلمندی کی دلیل نہیں ہے احادیث کو جمع کرنے کا ایک طریق سلسلہ تعامل بھی ہے یعنی کہ نبی کریم ﷺ کے زمانے سے نسلاً بعد نسلاً ایک عمل چلتا آرہا تھا جیسے پانچ نمازیں ان کی رکعات وغیرہ امام بخاری و مسلم نے جب سب کو نماز ادا کرتے دیکھا تو انہوں نے اس سلسلہ تعامل کو مُتَدَیّن (دین دار) راست گو راویوں کے ذریعے سلسلہ اسناد کو نبی کریم ﷺ تک پہنچایا۔ اسی طرح جب انہوں نے لاکھوں کروڑوں مسلمانوں کو مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیشگوئی کو بیان کرتے سنا تو اس پیشگوئی کو سلسلہ سند کے ذریعہ نبی کریم ﷺ تک پہنچایا۔ دوسری وہ احادیث ہیں کہ خواہ وہ تعامل سے تعلق نہیں رکھتیں لیکن ان میں پیشگوئی پائی جاتی ہے اور وہ پیشگوئی کئی سو سال بعد پوری ہو جائے تو ایسی حدیث سے بھی انکار کرنا عقلاً محال ہے۔ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں اسلام کے عروج کے بعد آخری زمانے میں اس کے زوال کی تفصیلی پیشگوئیاں آج پوری ہو چکی ہیں جب ان پیشگوئیوں کا ایک جزو پورا ہو گیا تو دوسرے جزو یعنی پھر مسیح موعود نے آکر اُمت کی اصلاح کرنی اور اسلام کو غالب کرنا اس کا انکار کیونکر جائز ہو سکتا ہے۔ اس ضمن میں آپ نے بعض پیشگوئیوں کا تذکرہ بھی فرمایا۔

**دوسرا تحقیق طلب امر:** یعنی کیا قرآن کریم میں مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت کا ذکر ہے۔ آپ نے چند آیات سے ثابت فرمایا کہ مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیشگوئی قرآن میں بھی پائی جاتی ہے جیسے سورۃ الانبیاء میں فرمایا کہ یہ ایک ہی امت تھی مگر وَتَقَطَّعُوا أَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ فرقہ فرقہ ہو گئی ۔ یہاں تک کہ یاجوج ماجوج یعنی عیسائی قوم دنیا بھر میں پھیل جائے گی تو سچے مذہب حق کے پھیلنے کا وعدہ قریب آجائے گا۔ جس کا ذکر سورۃ الصفّ میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اسلام کو سارے ادیان پر غالب کر دے گا۔ اس پیشگوئی میں ایک موعود کے آنے کا ذکر ہے جو عیسائیت کے غلبہ کے وقت آئے گا اور عیسائیوں کی مناسبت سے اس کا نام مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام رکھنا عین مصلحت کے مطابق ہو گا۔

پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سورۃ القدر کی تفسیر میں فرمایا کہ جب تاریک رات چھا جائے تو پھر روح القدس اور ملائکہ کا نزول ہوتا ہے روح القدس تو اس مصلح اور مجدد سے تعلق پکڑتا ہے جو دنیا کی اصلاح کے لیے مامور ہوتا ہے اور ملائکہ سعید فطرت لوگوں کے دلوں میں راستی کے پانے کی جستجو پیدا کر کے اس طرف لے آتے ہیں۔ پس اس صورت میں بھی آخری تاریک زمانہ میں ایک عظیم مصلح کے ظہور کا اشارہ موجود ہے۔ پھر سورۃ الزلزال سے بھی اس پیشگوئی کا ذکر فرمایا کہ زمین شدید طور پر ہلا دی جائے گی اس سے مراد زلزلے نہیں ورنہ اس کے بعد تو انسان نابود ہو جاتا مگر اگلی آیت میں ہے انسان کہے گا کہ زمین کو کیا ہو گیا ہے۔ تعجب کرے گا۔ یہ اس لیے کہ اللہ نے وحی کی ہو گی۔ پس اس سے مراد یہ ہے کہ زمین میں عظیم الشان تغیر ہو گا اور نئی نئی ایجادات ہوں گی جن کا پہلے زمانوں میں تصور بھی نہ تھا اور زمین کو اتنا کاشت کیا جائے گا کہ کوئی حصہ باقی نہ رہے گا۔ اس سے معلوم ہوا کہ کوئی آسمانی مصلح کا نزول ہو گا جس پر ہونے والی وحی کی تاثیر انسانی طبائع پر بھی عام ہو گی اور انسانی دماغ صیقل (چمک، نکھراپن) ہو کر نئے نئے علوم و ایجادات کرنے لگے گا۔

**تیسرا تنقیح طلب امر:** کہ کس طرح ثابت ہو کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی وہی مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں۔ اس کے جواب میں آپ نے آسمانی نشانوں کا تذکرہ فرمایا کہ ہر نبی کی صداقت کا سب سے بڑا ذریعہ اس کے پاس بے شمار آسمانی نشان ہوتے ہیں جو اس کی تائید و نصرت کر کے اس کی سچائی پر گواہی دے رہے ہوتے ہیں۔ فرمایا کہ آج تک میرے ذریعہ 3000 سے کچھ زائد نشان ظاہر ہو چکے ہیں۔ جس کے صدہا لوگ گواہ ہیں۔ جو آپ کی کتب اور ہزاروں

خطوط اور اشتہارات میں بھی درج کر کے ساری دنیا میں پھیلائے گئے۔ کیا عند العقل ایسے شخص کا صرف جھوٹ اور کذب پر مدار ہو سکتا ہے ہر گز نہیں۔ بلکہ ہزار ہا نشانات اس کی صداقت اور منجانب اللہ ہونے کا قطعی اور یقینی ثبوت ہے۔

**پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے** آیت کَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا سے ثابت کیا کہ اس میں نبی کریم ﷺ کی حضرت موسیٰ علیہ السلام سے مشابہت تامہ کا بیان ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خلافت اور نیابت چودہ سو سال یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک رہی اسی طرح نبی کریم ﷺ کے بعد بھی چودھویں صدی میں ایک مسیح کے آنے کا اشارہ ملتا ہے۔ یہی مضمون آیت استخلاف سے بھی ثابت فرمایا۔

**ان تینوں تحقیق طلب امور کو واضح دلائل کے ساتھ بیان کرنے کے بعد آخر میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام لکھتے ہیں:** ”کہ اگر اب بھی یہ تمام ثبوت میاں عطا محمد صاحب کے لیے کافی نہ ہوں تو پھر آسان طریق یہ ہے کہ اس تمام رسالہ کو غور سے پڑھنے کے بعد بذریعہ کسی چھپے ہوئے اشتہار کے مجھ کو اطلاع دیں کہ میری تسلّی ان امور سے نہیں ہوئی اور میں ابھی تک افترا سمجھتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ میری نسبت کوئی نشان ظاہر ہو تو میں ان شاء اللہ القدیر اُن کے بارہ میں توجہ کروں گا اور میں یقین رکھتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کسی مخالف کے مقابل پر مجھے مغلوب نہیں کرے گا کیونکہ میں اس کی طرف سے ہوں اور اس کے دین کی تجدید کے لیے اس کے حکم سے آیا ہوں لیکن چاہیے کہ وہ اپنے اشتہار میں مجھے عام اجازت دیں۔ کہ جس طور سے میں اُن کے حق میں الہام پاؤں اُس کو شائع کرادوں اور مجھے تعجب ہے کہ جس حالت میں مسلمانوں کو کسی مجدد کے ظاہر ہونے کے وقت خوش ہونا چاہیے یہ پیچ و تاب کیوں ہے؟ اور کیوں ان کو برا لگا کہ خدا تعالیٰ نے اپنے دین کی حجت پوری کرنے کے لیے ایک شخص کو مامور کر دیا ہے لیکن مجھے معلوم ہوا ہے کہ حال کے اکثر مسلمانوں کی ایمانی حالت نہایت ردّی ہو گئی ہے اور فلسفہ کی موجودہ زہر نے ان کے اعتقاد کی بیخ کنی کر دی ہے ان کی زبانوں پر بے شک اسلام ہے لیکن دل اسلام سے بہت دور جا پڑے ہیں خدائی کام اور الٰہی قدرتیں اُن کی نظر میں ہنسی کے لائق ہیں۔ ایسا ہی میاں عطا محمد کا حال ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جب بمقام امرتسر مسٹر عبد اللہ آتھم صاحب کو ان کی موت کی نسبت پیشگوئی سنائی گئی تو میاں عطا محمد نے میرے فرودگاہ میں آکر میرے روبرو ایک مثال کے طور پر بیان کیا کہ ایک ڈاکٹر نے میری موت کی خبر دی تھی کہ اتنی مدت میں عطا محمد فوت ہو جائے گا مگر وہ مدت خیر سے گزر گئی اور میں نے اس کے بعد ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کو سلام کیا اُس نے کہا کہ تم کون ہو؟ میں نے کہا کہ وہی عطا محمد جس کے مرنے کی آپ نے پیشگوئی کی تھی۔ مطلب یہ کہ یہ تمام اُمور جھوٹ اور لغو ہیں مگر میاں عطا محمد کو یاد رہے کہ ڈاکٹر کی مثال اس جگہ دینا صرف اس قدر ثابت کرتا ہے کہ آسمانی روشنی سے آپ بکلی بے خبر ہیں بیشک ایک ہستی موجود ہے جس کا نام خدا ہے اور وہ اپنے سچے مذہب کی تائید میں نہ صرف کسی زمانہ محدود تک بلکہ ہمیشہ ضرورت کے وقت میں آسمانی نشان دکھلاتا ہے اور دنیا کا ایمان نئے سرے قائم کرتا ہے۔ ڈاکٹر کی مثال سے ظاہر ہے کہ آپ کا اُس خدا پر ایمان کس قدر ہے۔“ (شہادت القرآن۔ روحانی خزائن جلد 6 صفحہ 376-377)

اس کے بعد میاں عطا محمد صاحب نے خاموشی اختیار کی۔ مگر ان کا یہ سوال دریافت کرنا اس لحاظ سے خیر و برکت کا موجب ہوا کہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کا جو جواب رقم فرمایا وہ بہت سے طالبانِ حق کی ہدایت اور قلبی اطمینان کا باعث ہوا۔

(ماخوذ از تعارف کتب حضرت مسیح موعودؑ۔ شائع کردہ مجلس انصار اللہ کینیڈا، صفحہ: 84،85)

## صدیقہ وسیم والدہ تحمید احمد مربی سلسلہ (شعبہ آرکائیو لندن)

| سوال | جواب |
|---|---|
| آپ کے دل میں بچے کو وقف کرنے کا خیال کب اور کیسے پیدا ہوا؟ | مجھ سے پہلے میری ۳ بہنیں اور ایک بھائی ہیں ایک فطری عمل تھا کہ میرے والدین کو ایک اور لڑکے کی خواہش تھی جب میں ہونے والی تھی تب میری والدہ نے کہا کہ میں اس بچے کو جو ہونے والا ہے وقف کروں گی۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب وقف اولاد کی تحریک تو تھی مگر وقف نو کی کوئی تحریک نہیں تھی۔ جب پیدائش ہوئی تو میں لڑکی تھی لڑکا نہیں تھی اس لیے والد صاحب کے دل سے یہ بات آئی گئی ہو گئی مگر میری والدہ کے دل پر نقش تھی۔ جب میں نے بی۔ اے پاس کر لیا تو میری والدہ نے مجھے اس بات کے بارے میں بتایا اور میری رائے معلوم کی تو میں نے ان کی خواہش پر سر تسلیم خم کیا۔ تب انہوں نے صدر حلقہ سے معلومات حاصل کیں۔ اور ان کے مشورہ پر مجھے کسی ناظر صاحب کے پاس لے کر گئیں۔ کس نظارت میں لے کر گئیں اس کے بارے مجھے یاد نہیں مگر اتنا یاد ہے کہ ہم گئے تھے۔ ان کو جا کر ساری بات بتائی انہوں نے ہمیں ایک فارم دیا کہ اس کو پر کر کے والد صاحب کے دستخط کے ساتھ جمع کروا دیں پھر ہم دیکھتے ہیں کہ ہم آپ سے کیا خدمت لے سکتے ہیں۔ اور ساتھ یہ بھی کہا کہ اگر آگے پڑھنا چاہتی ہیں تو تعلیم جاری رکھیں۔ (میں نے گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم۔ اے اردو کیا) میں خوشی خوشی گھر آئی فارم پر کیا اور والد صاحب سے دستخط کروانے چلی گئی۔ پہلے تو والد صاحب نے فارم کو اور پھر مجھے غور سے دیکھا اور پھر یہ کہہ کر دستخط کرنے سے منع کر دیا کہ یہ لڑکیوں کا کام نہیں ہے۔ جب میں نے اصرار کیا تو یہ کہہ کر واپس لوٹا دیا کہ شادی کے بعد اپنے شوہر کے ساتھ جو کر سکو گی اس کی اجازت سے کر لینا مگر ابھی نہیں۔ میں کافی دل برداشتہ ہوئی تب میری والدہ نے مجھے سمجھایا اور کہا کہ اپنی پہلی اولاد کو وقف کر دینا (تب تک وقف نو کی تحریک شروع ہو چکی تھی) اور پھر اس کی بہت اچھی تربیت کرنا کہ وہ جماعت کی بہت خدمت کرنے والا اور خلیفہ وقت کا سلطان نصیر بنے۔ یہ بات میرے دل میں بیٹھ گئی کہ میں اپنی پہلی اولاد کو وقف کروں گی۔ الحمد للہ خدا تعالیٰ نے مجھے ایسا شوہر دیا جس نے میری اس خواہش میں میرا پورا پورا ساتھ دیا۔ نہ صرف بیٹے کو وقف کرنے میں بلکہ مجھے کبھی بھی کسی جماعتی کام سے نہیں روکا۔ میں نے اپنی استطاعت کے مطابق کل بھی کام کیا آج بھی نائب سیکریٹری اشاعت اور زینب رسالہ کی پروف ریڈنگ کا کام کر رہی ہوں اور خدا سے دعا ہے کہ جب تک میری زندگی ہے، آسان الفاظ میں یوں کہ آخری سانس تک مجھے جماعت کے کام کرنے کی ہمت اور توفیق دیتا چلا جائے تا کہ اس کا ثواب میرے مرحوم والدین کو پہنچتا رہے۔ امین ثم امین |

| | |
|---|---|
| | |
| آپ نے اپنے بچے کی تربیت کیسے کی؟ | جب شادی ہو کر ناروے آئی تو ہم میاں بیوی کے علاوہ بزرگ تو دور کی بات ناروے میں کوئی رشتہ دار بھی نہیں تھا جس سے مشورہ لے سکتے اور تو اور فون بھی آج کل کی طرح اتنا سستا نہیں تھا 100 کرونز کا ایک کارڈ ملتا تھا جس پر بڑی مشکل سے 10 منٹ پاکستان بات ہوتی تھی اس میں سے بھی 5 منٹ ہیلو ہیلو آواز نہیں آرہی کہتے کہتے گزر جاتے تھے ایسے میں ایک واحد سہارا خطوط ہوتے تھے جس میں والدہ صاحبہ سے مشورے لیے جاتے تھے۔ جو پہلا خط میری والدہ نے مجھے بیٹے کی پیدائش پر لکھا جو میرے پاس آج بھی محفوظ ہے اس میں لکھا تھا کہ اب آپ دونوں اکیلے نہیں ہیں آپ کے ساتھ ایک اور جان بھی ہے۔ یہ بھی کہ ہم جسے بچہ سمجھ کر اس کے سامنے جو کہہ اور کر جاتے ہیں وہ سب کچھ اچھا اور برا بچے کے دماغ پر نقش ہو جاتا ہے خواہ اسے سمجھ آرہا ہو یا نہ۔ اور ڈھکے چھپے الفاظ میں بیٹے کے سامنے رہنے کے لیے نصیحت فرمائی۔ ہماری خوش قسمتی تھی انہیں دنوں میں ایم ٹی اے پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کی بچوں کے ساتھ کلاسسز شروع ہو گئیں اور میرے سارے مسائل حل ہو گئے۔ یہ بات میں بڑے وثوق سے کہہ سکتی ہوں کہ میں نے اپنے بیٹے کی تربیت حضور انور کی کلاسسز دیکھ دیکھ کر کی ہے۔ سال کے سال کا نصاب یاد کروایا، کوئی اجتماع یا مسجد میں ہونے والی کلاس مس نہیں کی خواہ مجھے 3,3 ٹرانسپورٹ بدل کر جانا پڑا۔ |
| کیا آپ کے بیٹے نے خود یا آپ کی تحریک پر جامعہ جانے کا فیصلہ کیا؟ | میں نے اپنے بیٹے کو یہ بتایا کہ تم وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہو پھر اس کی تربیت اس نہج پر کی کہ اس نے جماعت کی خدمت کرنی ہے مگر جامعہ جانے کا فیصلہ اس کا اپنا تھا۔ ہم میاں بیوی اس کے اس فیصلہ سے خوش اور اس کے ساتھ تھے۔ |
| جامعہ بھیجنے کے بعد آپ کے کیا جذبات تھے؟ | اداسی تھی۔ کئی راتوں تک اچانک گھبرا کر اٹھ جاتی تھی۔ چھوٹا بھی تھا اور کبھی خود سے الگ نہیں کیا تھا۔ مگر دل کو یہ کہہ کر تسلی دیتی تھی کہ میری امی نے بھی تو مجھے پاکستان سے ناروے بھیجا ہے۔ میں تو کسی بھی وقت خود جا کر مل سکتی ہوں جبکہ امی کو تو آنے میں ویزے کے مسائل تھے۔ اور دوسرا یہ کہ خلیفہ وقت کے پاس ہے جو اس سے میرے سے بھی زیادہ پیار کرتے ہیں۔ |
| آپ اپنے بچے میں سال بہ سال کیا تبدیلی محسوس کرتی تھیں؟ | بہت تیزی سے اس کو سمجھدار ہوتے دیکھا۔ |
| آج آپ کو کیسا محسوس ہو رہا ہے جب کہ وہ مربّی کی حیثیت سے ہم میں موجود ہے؟ | خوشی ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس کو اس امتحان میں کامیاب فرمایا اور آگے بھی دعا ہے کہ خلیفہ وقت کی ان توقعات کو پورا کرنے والا بنے جو وہ ایک مربّی سے رکھتے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| کوئی ایمان افروز واقعہ جوان سالوں میں آپ کے ساتھ ہوا ہو؟ | اس کے نظارے تو ہم ہر روز دیکھتے ہیں۔ مگر ایک بات جو ہم دونوں میاں بیوی کی آنکھیں نم کر گئی وہ یہ تھی کہ ہم حضور انور سے ملاقات کے لیے گئے۔ تحمید بھی ساتھ تھا ہم جیسے ہی کمرہ میں داخل ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ اچھا تو آپ تحمید کے والدین ہیں! یقین جانیں ہمارے پاس کوئی الفاظ نہ تھے۔کیوں کہ عام طور پر ہوتا ہے کہ انسان کا تعارف یہ ہوتا ہے کہ آپ فلاں کے بیٹے ہیں یا بیٹی ہو مگر پیارے حضور سے ہمارا بہت ہی پیارا تعارف تھا وہ یہ کہ ہم تحمید کے والدین ہیں۔ الحمدللہ |
| آپ دوسری ماؤں اور ان کے بچوں کے لیے کیا پیغام دیں گی؟ | یہی کہ اپنے بچوں کی تربیت کرتے ہوئے دعاؤں سے کام لیں اور چھوٹی سے چھوٹی بات کا خیال رکھیں کبھی ان سے ایسا وعدہ صرف جان چھڑانے کے لیے نہ کریں جو آپ پورا نہیں کر سکتے۔ یہ بھی جھوٹ کے زمرہ میں آتا ہے میرا تو یہ حال ہے کہ میں اگر اپنے بچوں سے وعدہ تو دور کی بات کوئی بات بھی کرتی ہوں کہ ایسا کر دوں گی تو پھر اس کو خواہ کتنی ہی مشکل میں پڑ کر کروں کرتی ہوں، اور اگر نہیں کر سکتی تو پھر ان کو بتاتی ہوں کہ ابھی نہیں کر پا رہی جیسے ہی موقع ملے گا تو کروں گی اور ایسا میں کرتی بھی ہوں۔ اس سے والدین پر بچوں کا اعتماد قائم ہوتا ہے۔ اور دوسری بات یہ کہ کبھی بھی بچوں کے سامنے جماعت کے خلاف بات نہ کریں۔ آپ بڑے ہیں اپنا ایمان بچا لیں گے مگر بچے کچے ذہن کے ہوتے ہیں ان کو ٹھوکر لگ جاتی ہے۔ چھوٹے بچوں کی ماؤں سے یہ کہوں گی کہ بچوں کی عمر کے حساب سے ایم ٹی اے پر آنے والے پروگرام بچوں کے ساتھ بیٹھ کر خود بھی دیکھیں اور خاص طور سے حضور انور کا خطبہ جمعہ انہیں ضرور دکھائیں۔ یہ نہ سمجھیں کہ ان کو سمجھ نہیں آ رہا اس کی برکت ہی بچوں کو فائدہ دے گی۔ وہ خطبہ جو پہلے وہ آپ کے کہنے پر دیکھا کرتے تھے ایک دن وہ سننے لگیں گے۔ (سمجھنے لگیں گے) یہ بات میں اپنے تجربہ سے کہہ رہی ہوں میں نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کی کلاسسز خود بھی دیکھیں اور دونوں بڑے بچے بیٹے تحمید احمد اور بیٹی مدیحہ احمد کو بھی ساتھ بٹھا کر دکھائی اور جو ان کو سمجھ نہ آیا اس کو آسان الفاظ میں سمجھایا بھی۔ ان کلاسسز کو دیکھنے کا جہاں یہ فائدہ ہوا کہ ان کا دینی علم بڑھا وہاں ان دونوں بچوں کی اردو بھی ٹھیک ہو گئی۔ اس کا اندازہ مجھے اپنے چھوٹے بیٹے کو دیکھ کر ہوتا ہے جو 2002 نومبر میں پیدا ہوا اور اس کے ساتھ اس طرح وقت نہیں گزارا۔ اللہ ہم سب کو اپنے بچوں کی صحیح رنگ میں تربیت کرنے کی توفیق دے۔ اٰمین ثم اٰمین۔ |

## فہمیدہ مسعود والدہ عبد الہادی مربّی سلسلہ ناروے

| سوال | جواب |
|---|---|
| آپ کے دل میں بچے کو وقف کرنے کا خیال کب اور کیسے پیدا ہوا؟ | شادی کے بعد سے ہی دل میں خواہش تھی کہ خدا جو بھی پہلی اولاد عطا کرے گا اس کو وقف کروں گی۔ |

| | |
|---|---|
| آپ نے اپنے بچے کی تربیت کیسے کی؟ | تربیت اولاد اور خاص طور پر ایک واقفِ زندگی کو کیسا ہونا چاہیے اس بارے میں حضرت اماں جان، اور سب خلفاء کی نصائح کو پریگنینسی میں بہت پڑھا گھر کے کاموں کے دوران قرآن کی تلاوت کو بہت سنا پیدائش کے بعد پوری طرح ان نصائح کے مطابق پرورش کرنے کی کوشش کی سلانے کی کوشش میں سورۃ فاتحہ لوری کے انداز میں گنگنایا کرتی ہادی نے صحیح بولنا تقریباً اڑھائی پونے تین سال کی عمر سے شروع کیا اس کے بولتے ہی اس کو یسرنا القران شروع کروادیا اور الحمدللہ اس نے پونے پانچ سال کی عمر میں قرآن ختم کر لیا تھا بلکہ ہماری بہت پیاری آنٹی نسیم جو اس وقت نیشنل صدر تھیں بہت حیران ہو کر اس بات کا اکثر تذکرہ کیا کرتی تھیں انہوں نے ہی ان کی بسم اللہ اور لجنہ میں آمین کروائی تھی لیکن فائنل آمین مسجد میں ماہانہ جماعتی پروگرام کے موقع پر مکرم سیّد کمال احمد یوسف صاحب نے کروائی تھی اور ان کے کہنے کے مطابق ابھی تک ناروے میں موجود بچوں میں ہادی پہلا بچہ ہے جس نے اتنی چھوٹی عمر میں قرآن ختم کیا ہے اور انہوں نے اس موقع پر ماؤں کو توجہ دلاتے ہوئے کہا تھا کہ ماؤں کو بچے کے بولتے ہی قرآن سکھانا شروع کر دینا چاہیے۔ قرآن ختم کرنے کے بعد ہمیشہ میں نے صبح کی تلاوت کے بعد ناشتہ کروایا کرتی تھی۔ روزانہ ایک گھنٹہ کی کلاس نصاب کے لیے اور اردو لکھنے اور پڑھنے کے لیے مخصوص تھی اور پھر نصاب کے مطابق ہر کام کے شروع کے وقت کی جو دعائیں تھیں وہ دہراتی تھی۔ چھ سال کی عمر میں انہوں نے قصیدہ پورا یاد کر لیا تھا بلکہ جب انہوں نے بارنے ہاگے شروع کیا تو راستے میں بھی ان کو دعائیں ہی سکھاتے ہوئے راستہ طے ہوتا اور ان کو رَبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ والی دعا بارنے ہاگے کے پہلے دن راستے میں سکھائی تھی قرآن حفظ کروانے کی بہت خواہش تھی اس کے لیے پاکستان شفٹ ہوئی لیکن خدا کو منظور نہ تھا جب پانچویں کے بعد داخلے کا وقت ہوا تو دینی مدارس میں ملک کے قانون کے مطابق باہر کے نیشنل بچوں کے داخلوں پر پابندی عائد کر دی گئی اس لیے پرائیویٹ ہی کچھ حصہ حفظ کروایا جماعتی پروگرام، وقف نو کلاسز میں باقاعدہ شامل کرنے کی کوشش کی بلکہ کبھی بھی غیر حاضر نہیں ہوئے نویں میں لفظی ترجمہ سکھایا اور خوشی کی بات یہ تھی کہ بہت آسانی سے ترجمہ سیکھ لیتے تھے کئی عربی کے الفاظ سے ہی اردو کا معنی جان جایا کرتے تھے خلیفہ وقت کو دعا کے لیے باقاعدہ خط لکھتی دعا کے ذریعے خدا سے ہمیشہ مدد چاہی۔ |
| کیا آپ کے بیٹے نے خود یا آپ کی تحریک پر جامعہ جانے کا فیصلہ کیا؟ | خواہش اور تحریک میری ہی تھی ہر وقت اپنی اس خواہش کا ان سے اظہار کرتی رہتی تھی لیکن فیصلہ ان کا اپنا تھا۔ میٹرک کے بعد جب اپلائی کرنے کا وقت تھا انہوں نے انکار کر دیا۔ شکر ہے خدا کا اس نے مجھے صبر عطا کیا۔ اور ان کے سامنے کسی قسم کی شکایت کا اظہار نہیں کیا لیکن اپنی تکلیف خدا سے ضرور بیان کی شائد اسی کا نتیجہ تھا کہ کالج کے دوسرے سال کے ختم ہونے کے بعد جامعہ جانے کی خواہش کا اظہار کیا اب میرا دل تھا کہ کالج کا ایک سال جو رہتا ہے وہ مکمل کرنے کے بعد جامعہ جائے لیکن یہ بضد رہے کہ اگر اپلائی کرنا ہے تو اسی سال کرنا ہے جب دیکھا کہ یہ بضد ہیں تو پھر مشورہ دیا کہ حضور ایدہ اللہ کو خط لکھ کر مشورہ کر لیں ہادی نے بھی لکھا اور میں نے بھی حضور ایدہ اللہ کی خدمت میں خط لکھا اور ساری بات جو ہمارے درمیان ہوتی رہی تھی تحریر کی دل کو امید تھی کہ حضور میرے والا ہی مشورہ دیں گے لیکن جب میرے برعکس آیا |

| | |
|---|---|
| مجھے اور ہادی کو ایک جیسا جواب آیا کہ آپ اسی سال اپلائی کر دیں بعد میں ہادی نے اظہار کیا کہ میرے اصرار کی وجہ یہ تھی کہ میں نے دو سال گلٹ میں رہا کہ میں نے ماما کو ہرٹ کیا ہے۔ جب خدا نے میرے دل کو اس طرف مائل کیا تو پھر میں نے سوچا کہ مجھے ابھی اپلائی کرنا چاہیے یہ نہ ہو کہ تین سال مکمل کرنے کے بعد ذہن پھر بدل جائے اور پھر پیارے حضور کی طرف سے بھی یہی ہدایت ملی کہ اسی سال اپلائی کریں تو اس طرح خدا نے جامعہ جانے کا سبب بنایا وہی ہے جو دل کی مرادیں پوری کرتا ہے۔ | |
| متضاد کیفیات تھیں خوشی اس بات کی تھی کہ خدا نے وہ دن دکھایا جس کی تمنا کی تھی۔ اور عمر کا مشکل دور ایک نیک ماحول میں گزرے گا۔ لیکن بڑا ہونے کی وجہ سے اور اس کی نیک عادات کی وجہ سے جیسا کہا مانا اور جو سکھانا چاہا انہوں اسی طرح سیکھا اس لیے پہلا سال بہت جذباتی مشکل میں گزرا۔ | جامعہ بھیجنے کے بعد آپ کے کیا جذبات تھے؟ |
| خلیفہ وقت کے ساتھ بہت محبت کا تعلق نمازوں کی پابندی۔ اور دعا پر یقین اور مربّی کے مطابق کپڑوں کا انتخاب خاص طور پر ٹوپی کا استعمال۔ | آپ اپنے بچے میں سال بہ سال کیا تبدیلی محسوس کرتی تھیں؟ |
| بہت متضاد کیفیات ہیں خوشی اور خوف کی کیفیات دونوں حالتیں رہتی ہیں خوشی اس بات کی کہ اپنی فیلڈ میں اچھا کام کرنے کی کوشش کرتے ہیں اپنی ذمہ داریاں احسن طریق پر ادا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ان کی جماعت نہ صرف ان کو عزت اور احترام دیتی ہے بلکہ جب کبھی میرا جانا ہو تو مجھے بھی بحیثیت مربّی کی ماں کے بہت عزت اور مقام دیتے ہیں اس بات سے خدا کے شکر اور حمد سے دل بھر جاتا ہے لیکن دل میں ایک خوف سا بھی رہتا ہے کہ خدا ہر شر سے ان کو محفوظ رکھے کوئی ایسا لمحہ نہ آئے کہ خلیفہ وقت کو ان سے شکایت ہو۔ | آج آپ کو کیسا محسوس ہو رہا ہے جب کہ وہ مربّی کی حیثیت سے ہم میں موجود ہے؟ |
| جیسا کہ پہلے بھی میں نے ذکر کیا ہے کہ پیدائش کے پہلے چھ ماہ یہ بہت رویا کرتے تھے ان کو چپ کروانے کی غرض سے میں سورۃ فاتحہ لوری کی طرز پر سنایا کرتی تھی جب یہ بولنے لگے اور میں نے نماز یاد کروانا شروع کی تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ میں نے الحمدللہ کہا تو انہوں نے خود سے ہی رب العالمین کہہ دیا خوشی اور حیرانی کی ایسی کیفیت تھی جس کو بیان کرنا مشکل ہے اور پھر پوری سورۃ میں ہر آیت کا پہلا لفظ بولتی تھی اور اگلا لفظ یہ خود سے کہہ دیتے تھے۔ اور سورۃ جب ختم ہوئی تو جسم میں ایک عجیب کپکپاہٹ تھی اور میں ان کو چمٹا کر بس روتی جاتی تھی اس واقعہ اور کیفیت کا میرے ذہن پر آج بھی اثر ہے۔ دوسرا یہ کہ جب ہم پاکستان سے دوبارہ ناروے شفٹ ہوئے تو میری خواہش تھی کہ ہم لندن شفٹ ہو جائیں تا کہ بچوں کو حضور کی صحبت میسر آئے لیکن میرے میاں اس بات کے لیے رضامند نہ ہوئے اور مجبوراً مجھے ناروے آنا پڑا اور باقی ساری سسرالی فیملی لندن شفٹ ہو گئی اور ان کے بچوں کو کلاسز میں شامل دیکھ کر دل میں ایک بے چینی سی پیدا ہوتی کہ میرے بچوں کو یہ موقع میسر نہیں ہے۔ اور ہمیشہ دعا کرتی کہ خدا کچھ ایسا سبب پیدا کر کہ | کوئی ایمان افروز واقعہ جوان سالوں میں آپ کے ساتھ ہوا ہو؟ |

| | |
|---|---|
| | میرے بچوں کو بھی خلیفہ وقت کی زیادہ سے زیادہ صحبت عطا ہو۔ آخر خدا نے میری یہ دعا اس طرح قبول کی کہ کرونا بیماری کی وجہ سے ہادی کی کلاس نے آٹھویں سال جو تجربے کے لیے دوسرے ممالک جانا تھا وہ کینسل ہو گیا پیارے حضور نے پورا سال ان کی تعلیم و تربیت کی کلاسز لے کر اپنی نگرانی میں ان کی تعلیم تربیت کی اور اس طرح بہت قریب سے میرے بیٹے کو حضور کی مشفقانہ صحبت میسر ہوئی اور اس سے خلیفہ وقت کے ساتھ اور رشتہ مضبوط ہوا۔ ذالک فضل اللہ |
| آپ دوسری ماؤں اور ان کے بچوں کے لیے کیا پیغام دیں گی؟ | ماشاء اللہ آج کی ماؤں کے پاس وسائل بھی زیادہ ہیں اور سمجھدار بھی ہم سے زیادہ ہیں لیکن اپنے تجربہ سے یہی کہنا چاہوں گی کہ سکھانے کی عمر بچپن کی ہے دنیا کی آسائش سے زیادہ ضروری آپ کا وقت ان کے لیے ضروری ہے جو کہ آج کے حالات کی وجہ سے اور بھی زیادہ ضروری ہو گیا ہے اور یہ کہ اپنے بچوں کی تربیت خود کریں خواہ دینی ہو یا دنیاوی اس کا ایک فائدہ یہ ہے کہ آپ کے اپنے علم میں اضافہ ہو گا آپ کو اپنے بچے کی نفسیات سمجھنے کا موقع ملے گا اور آپ کا تعلق ان سے مضبوط ہو گا اور بچے کے دل میں اس بات کا ہمیشہ احترام رہے گا کہ ہماری والدہ نے ہماری تربیت کے لیے اتنی محنت کی ہے۔ کوئی دوسرا وہ درد نہیں رکھ سکتا جو ایک ماں اپنے بچے کے لیے رکھتی ہے۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعائیں جو انہوں نے اپنے بچوں کے لیے کی ہیں انہی کے الفاظ میں اپنے بچوں کے لیے کیا کریں خدا کرے کہ ہمیشہ ہم ماؤں کے دل اپنے بچوں کی طرف سے ٹھنڈک پائیں اور خدا اور خلیفہ کے ساتھ ان کا رشتہ مضبوط تر ہو آمین۔ |

## نصرت ادریس تھونس برگ والدہ نبیل ناصر مربّی سلسلہ (وکالت تعمیل و تنفیذ انڈیا اسلام آباد۔ یو کے

| سوال | جواب |
|---|---|
| آپ کے دل میں بچے کو وقف کرنے کا خیال کب اور کیسے پیدا ہوا؟ | حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے جب بابرکت تحریک وقفِ نو کا آغاز فرمایا تو ہم دونوں میاں بیوی نے ارادہ کیا کہ اللہ تعالیٰ ہمیں جو بھی اولاد عطا کرے گا ہم اُس کو اِس بابرکت تحریک میں وقف کریں گے اِنشاءاللہ۔ ہم نے بچے کی پیدائش سے قبل ہی حضور رحمہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں وقف کا خط لکھا جو کہ حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے ازراہِ شفقت منظور فرمایا اور لڑکے لڑکی کے دو نام بھی بھجوائے، اس طرح بچے کا نام "نبیل ناصر" تجویز فرمایا۔ |
| آپ نے اپنے بچے کی تربیت کیسے کی؟ | عزیزم نبیل ناصر میرا پہلا بیٹا ہے، حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فرمان ہے کہ پہلے بچے کی تربیت پر زور دو، باقی بچوں کی تربیت بھی ہو گی۔ یہ بات ذہن میں رکھتے ہوئے بچے کو نماز باجماعت کا ہمیشہ سے گھر میں اہتمام ہوتا ہے، اس حوالہ سے اس کے والد صاحب کی بہت محنت ہے۔ پھر Oslo اور مرکزِ احمدیت |

ناروے اور مسجد سے ہمارا گھر گاڑی پر تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ کی مسافت پر واقع تھا۔ بچوں کو Weekends پر مسجد میں وقفِ نو کلاس پر باقاعدگی سے لے کر جاتے تھے۔ اور اس کے علاوہ دیگر جماعتی پروگرامز میں بھی لے کر جاتے تھے۔ پھر روزانہ باقاعدگی سے تلاوت قرآن کریم ہم خود بھی کرتے اور بچوں کو بھی اس کی تلقین کرتے۔ قرآنی دعائیں بچوں کو پڑھاتے اور رات کو سونے سے قبل سنتے بھی۔ پھر انبیاء علیھم السلام اور خلفائے کرام کے ایمان افروز واقعات سناتے جو کہ بچے بڑے شوق سے سنتے، ایسے واقعات سننے کے کئی کئی دن یا ہفتوں کے بعد بھی بچے وہی واقعات دہراتے یا دوبارہ سنانے کی درخواست کرتے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ان کے ذہنوں پر اس چیز کا بہت اثر ہوتا ہے۔ ہماری شروع سے ہی کوشش تھی کہ گھر میں ہمیشہ دینی ماحول ہو۔ اس لیے بچوں کے دلوں میں خلیفۃ المسیح سے محبت ڈالنا، خلیفۃ المسیح کی اہمیت بتانا، حضور انور کو دعائیہ خطوط لکھوانا، وقفِ نو کا نصاب پڑھانا جو کہ تربیت کا ایک جامع لائحہ عمل ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اردو لکھنا پڑھنا بھی سکھانا۔ پھر بچے کو توجہ دلاتے رہنا کہ تم وقف ہو، آپ کی زندگی کا کیا مقصد ہے اور خلیفہ وقت کی آپ سے کیا توقعات وابستہ ہیں۔ مکرم سیکرٹری صاحب وقف نو ناروے کو بھی اللہ تعالیٰ جزا دے جنہوں نے وقف نو بچوں کو یہ تمام امور سکھانے میں انتھک محنت اور کوشش کی۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے ہمارے گھر میں مبلغین سلسلہ و دیگر خادمین سلسلہ کی بہت زیادہ قدر اور عزت و احترام کی جاتی ہے۔ عزیزم نبیل ناصر کے والد صاحب کی دلی خواہش ہوتی اور اپنی خوش قسمتی سمجھتے کہ مرکز اوسلو میں جب بھی بیرون ملک سے کوئی جماعتی مہمان آئیں تو وہ ہمارے گھر ضرور تشریف لائیں۔ ان سب مہمانوں سے اپنے بچوں کو ملوانا اور مہمانوں سے ملوانے کی وجہ سے بچوں کی تربیت پر اچھا اثر ہوا اور اس کے ساتھ ساتھ بچوں کو مہمان نوازی کی عادت بھی پڑی۔ پھر ہم اپنے بچوں کے ساتھ مل کر ان کی پر تکلف دعوت کا اہتمام کرتے۔ ہمارے گھر کے قریب ہی ایک معروف سیر کی جگہ "world of the end" ہے جہاں اکثر مرکزی مہمانوں کو سیر کے لیے لے جاتے۔

ہمارے گھر جو بھی مربّیان کرام آتے اُن کے آگے عزیزم نبیل ناصر اپنی خواہش کا اظہار کرتے کہ میں نے بھی مربّی سلسلہ بننا ہے تو وہ بڑی خوشی سے بچے کی حوصلہ افزائی کرتے اور نیک نصائح کرتے۔ عزیزم نبیل ناصر نے اپنی ایک الگ سے "ڈائری" بنائی ہوئی تھی جس میں وہ بزرگان سلسلہ کی نصائح کو نوٹ کر لیتے تھے۔ نیز بزرگان سلسلہ سے بھی درخواست کرتے کہ میری ڈائری میں میرے لیے چند نصائح لکھ دیں۔

## کیا آپ کے بیٹے نے خود یا آپ کی تحریک پر جامعہ جانے کا فیصلہ کیا؟

عزیزم نبیل ناصر نے Grunnskolen (میٹرک) کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد خود ہی جامعہ جانے کا فیصلہ کیا گو ہم بھی شروع سے ہی ساتھ کے ساتھ تحریک کرتے رہتے تھے اور ہم والدین کی بھی دلی خواہش تھی کہ ہمارا بیٹا مربّی سلسلہ بنے عزیزم نے ہماری خواہش کا بھی احترام کیا الحمدللہ۔ لیکن اُس وقت ہمارے پاس ناروے کی نیشنیلٹی نہیں تھی اور یوکے جانے کے لیے ویزہ لگوانا پڑتا تھا۔ لہٰذا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں راہنمائی کی درخواست کی جس کے جواب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ بچے کی تعلیم جاری رکھیں اور نیشنیلٹی ملنے کے بعد بچے کو جامعہ بھجوائیں۔ اس کے بعد اُن

| | |
|---|---|
| | تین سالوں(Videregående skole) میں بچے کے خیالات بدل بھی سکتے تھے لیکن خدا تعالیٰ کا خاص فضل اور خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی دعاؤں سے بچہ اپنے ارادہ اور فیصلہ پر قائم رہا اور خود خلیفہ وقت کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے حاضر ہوا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک |
| جامعہ بھیجنے کے بعد آپ کے کیا جذبات تھے؟ | یہ میرے لیے آسان کام نہیں تھا، عزیزم نبیل ناصر گھر میں بڑا اور فرمانبردار بھی ہے، اس کے تین چھوٹے بھائی ہیں، بہن بھی نہیں ہے۔ گھر کے کاموں میں میری ہر طرح سے مدد کرتا تھا۔ بعض لوگ یہ بھی کہتے تھے کہ بڑے لڑکے کو جامعہ بھجوا رہے ہیں یہاں (ناروے) تو لوگ کمائی کرنے آتے ہیں وغیرہ۔ جامعہ میں پڑھائی بھی کافی ہوتی ہے، شروع میں تو بچے کو وہاں دل لگانے میں بھی مشکل پیش آ رہی تھی۔ میں بھی اس وقت خدا تعالیٰ کے حضور اس حوالہ سے بہت دعا گو تھی۔ ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے کہ میرا بھی ساتھ امتحان ہو رہا ہے۔ جب بچے کو پہلی مرتبہ ائیرپورٹ روانہ کر کے آئی تو میرے آنسو نہیں رُک رہے تھے، نیز ساتھ دعا بھی کر رہی تھی کہ اللہ تعالیٰ اس کو جامعہ کی پڑھائی میں کامیاب کرے اور اس کی ساری زندگی کا وقف ہے، اس کو ہمیشہ ثابت قدم رکھنا اور مقبول خدمت دین بجالانے کی توفیق دینا اور خلیفۃ المسیح کا سلطان نصیر بنانا۔ آمین جب حضور انور کے یہ الفاظ سنے کہ یہ کتنے خوش قسمت بچے ہیں تو دل کو سکون ملا۔ ان کا ہر وقت دینی ماحول میں رہنا بھی خوش قسمتی ہے۔ پھر جامعہ کی تعطیلات میں تقریباً ہر تین ماہ بعد گھر آجاتا تھا۔ پھر اس کے اساتذہ سے بھی بچے کی تعریف سننے سے دل کو حوصلہ ملتا تھا۔ |
| آپ اپنے بچے میں سال بہ سال کیا تبدیلی محسوس کرتی تھیں؟ | پہلے ایک دو سال بچے کے لیے کچھ مشکل تھے، آہستہ آہستہ دل لگنا شروع ہوا۔ لندن میں ہمارے کچھ رشتہ دار بھی تھے جن کے ہاں بیٹا بعض Weekends پر چلا جاتا تھا جس سے کافی مدد ملی۔ فجزاھم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء<br>جامعہ کے سات سالوں میں عزیزم نبیل ناصر میں درجہ بہ درجہ تبدیلی آتی ہم دیکھتے۔ جامعہ جانے کے بعد روحانی تبدیلی واضح نظر آنے لگی، اس کو احساس پیدا ہونے لگا کہ کوئی غلط بات نہیں کرنی ہے ، دنیاوی خواہشات میں کمی ہوتی گئی اسی طرح صبر و شکر کرنے کی عادت، حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات کو غور سے سننا اور نوٹ کرنا، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ خلیفۃ المسیح کی قربت نصیب ہوئی۔ تقریباً ہر دو تین ماہ بعد بچے کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کرنے کا شرف حاصل ہوتا۔ حضور انور کا ان بچوں سے ایک خاص پیار و محبت کا تعلق ہے، والدین سے بڑھ کر شفقت کرنا اور ہر چھوٹی سے چھوٹی ضروریات کا خیال رکھنا۔ اسی طرح ملاقاتوں میں ان کی ہر معاملہ میں راہنمائی و تربیت فرمانا۔ یہ محبت تو نصیبوں سے مِلا کرتی ہے۔ الحمد للہ۔ |
| | یہ محض خدا تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے کہ اُس نے توفیق عطاء فرمائی کہ مجھ ناچیز کے بیٹے کو مربی بننے کی سعادت بخشی۔ الحمد للہ۔ یہ سفر لمبا اور دشوار ہے، مشکلات بھی آتی ہیں، آزمائشیں بھی آتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا |

| | |
|---|---|
| آج آپ کو کیسا محسوس ہو رہا ہے جب کہ وہ مربّی کی حیثیت سے ہم میں موجود ہے؟ | جتنا شکر ادا کروں کم ہے ، میرے پاس تو الفاظ نہیں ہیں جن سے میں خداتعالیٰ کے حسانوں کا شکر ادا کر سکوں۔ میرے بچے کے نام کے ساتھ مربّی سلسلہ لگنا میرے لیے فخر کی بات ہے الحمدللہ۔ ساتھ ہی دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ثابت قدمی عطاء فرمائے، ہمیشہ تقویٰ کی راہوں پر چلائے ، بیٹے کو عاجزی و انکساری کے ساتھ مقبول خدمت دین بجالانے کی توفیق دے اور ایک مربی کی ماں ہونے کے ناطے مجھ گنہگار کی بخشش فرمائے۔ آمین |
| کوئی ایمان افروز واقعہ جو ان سالوں میں آپ کے ساتھ ہوا ہو؟ | سال 2008ء میں خاکسار کو دل کا شدید دورہ پڑا، بلکہ چند منٹس کے لیے دل کی دھڑکن بھی بند رہی۔ اس وقت فوری طور پر حضور انور ایدّہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے دعا کی درخواست کی گئی تو اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور شفاء دی۔ پھر جب حضور انور ایدّہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 2011ء میں ناروے تشریف لائے تو ملاقات میں میں نے حضور انور سے اپنی دل کی تکلیف کا ذکر کیا اور دعا کی درخواست کی تو حضور انور نے مسکراتے ہوئے فرمایا کہ بیٹے کو جامعہ بھجوا کر دل کو روگ تو نہیں لگا لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور حضور انور کی دعاؤں سے میرے دل کا مسئلہ بھی ٹھیک ہو گیا۔ الحمدللہ<br>پھر عزیزم نبیل ناصر کی شادی کو چھ سال ہو گئے تھے اور اولاد کی نعمت سے محروم تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی پُر شفقت دعاؤں ، ساتھ کے ساتھ راہنمائی اور نسخہ جات سے اللہ تعالیٰ نے اپنا خاص فضل فرمایا اور معجزانہ طور پر اولاد کی نعمت سے نوازہ۔ اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹی اور ایک بیٹا عطا کیا۔ الحمدللہ |
| آپ دوسری ماؤں اور ان کے بچوں کے لیے کیا پیغام دیں گی؟ | میرا دوسری ماؤں کے لیے یہی پیغام ہے کہ اپنے بچوں کو بچپن سے ہی خلافت احمدیہ سے وابستہ کریں، خلیفۃ المسیح سے محبت اپنے اور اپنی اولادوں کے دلوں میں ڈالیں۔ اِس مشکل دَور میں محض خلافت کا سایہ ہی ہے جو ہمیں اور ہماری نسلوں کو ہر آفت سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو خلافت احمدیہ اور جماعت سے وابستہ رکھے آمین |

نونہالان جماعت مجھے کچھ کہنا ہے      پر ہے یہ شرط کہ ضائع مِرا پیغام نہ ہو

جب گذر جائیں گے ہم تم پہ پڑے گا سب بار      سستیاں ترک کرو طالب آرام نہ ہو

خدمت دین کو اک فضل الٰہی جانو      اس کے بدلے میں کبھی طالب اعام نہ ہو

# دھنک کے رنگ آپ کے سنگ

## حدیث نبوی ﷺ:

**آنحضرت ﷺ نے ایک بار فرمایا:** ”ہر نبوت کے بعد خلافت ہوتی ہے۔“ (حدیقۃ الصالحین: صفحہ: 582)

## حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

وہ خدا اب بھی بناتا ہے جسے چاہے کلیم　　اب بھی اس سے بولتا ہے جس سے وہ کرتا ہے پیار

**حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:** ”قرآن کو مضبوط پکڑو۔ قرآن بہت پڑھو اور اس پر عمل کرو“ (الحکم 21 جنوری 1911ء ص 8 کالم 3)

**حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:** ”اے مومنو کی جماعت اور عمل صالح کرنے والو! میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ **خلافت خدا تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت** ہے اس کی قدر کرو۔ جب تک تم لوگوں کی اکثریت ایمان اور عمل صالح پر قائم رہے گی خدا اس نعمت کو نازل کرتا چلا جائے گا۔ پھر فرمایا: اور اس امر کو اچھی طرح یاد رکھو کہ جب تک تم میں خلافت رہے گی دنیا کی کوئی قوم تم پر غالب نہیں آسکے گی اور ہر میدان میں تم مظفر و منصور ہوں گے۔ خدا تمہارے ساتھ ہو اور ابد الآباد تک اس کی برگزیدہ جماعت رہو“ (خلافت راشدہ، انوار العلوم جلد 15، ص 593)

**حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:** ”خلیفہ وقت کا سب سے بڑا اور اہم کام یہی ہوتا ہے کہ قرآن کریم کی تعلیم کو رائج کرنے والا اور نگرانی کرنے والا ہو۔“

**حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:** ”میرے لیے آپ کا بہترین نذرانہ یہ اطلاع ہے کہ میں داعی الی اللہ بن گیا ہوں۔“ (خطبات طاہر جلد اوّل ص 62)

**حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک موقعہ پر فرمایا کہ:** ”ہمیں اخلاق کو بہتر بنانے کے لیے اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم نے اپنی حالتوں میں وہ تبدیلی کر لی ہے یا اس تبدیلی کے پیدا کرنے کی کوشش کر لی ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری ہے۔ جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا مددگار بننے کے لیے ضروری ہے۔“

# اختلاج اور گھبراہٹ

(ڈاکٹر ھالہ بنت سعد مجلس للّٰہ ستر وم)

اردو زبان کا یہ خاصہ ہے کہ ایک کیفیت کو بیان کرنے کے کئی الفاظ ہوتے ہیں اور کچھ ایسا ہی معاملہ اس موضوع کے ساتھ ہے جس پر آج قلم اٹھانے کی کوشش کی ہے۔ گھبراہٹ، اضطراب، پریشانی، بے چینی، تناو اور اختلاج ایک ہی کیفیت کے کئی نام ہیں۔ صرف تکلیف کی شدت کا فرق ہوتا ہے۔

## اختلاج اور گھبراہٹ میں فرق

اگر ہم کسی صورت حال میں خوفزدہ ہو جاتے ہیں جو کہ عام طور پر ایک خطرناک صورتحال نہیں ہوتی لیکن اس کے باوجود کسی بھی ممکنہ خطرے کی توقع یا فکر ہمیں پریشان کرتی رہے تو اس کیفیت کو اختلاج کہتے ہیں۔ مگر جب واقعی خطرناک صورتحال کا سامنا ہو تو اسے اردو میں **گھبراہٹ** کہتے ہیں۔

**اختلاج کی علامات:** تھکاوٹ، بے چینی، سر درد، متلی، ہاتھوں اور پیروں میں بے حسی، پٹھوں میں کھچاؤ اور درد کی شکایت، نگلنے میں دشواری، سانس لینے میں دشواری، سینے پر بوجھ کا احساس، دل کی دھڑکن کا بے قابو ہو جانا، توجہ مرکوز کرنے میں دشواری، کانپنا چڑچڑاپن، پسینہ آنا، بے چینی اور بے خوابی۔

**بچوں میں اختلاج کی علامات:** بڑوں کی طرح بچوں کو بھی اختلاج کی شکایات ہو سکتی ہیں۔ مندرجہ ذیل علامات بچوں میں اختلاج کا شک پیدا کرتیں ہیں بغیر کسی جسمانی وجہ کے تواتر سے پیٹ میں درد متلی کی شکایت، طبیعت میں چڑچڑاپن، بلاوجہ رونا، توجہ کا فقدان، نیند کی بے ترتیبی مثلاً ضرورت سے کم سونا یا نیند میں رونا، سکول جانے سے کترانا، نئے کاموں کو شروع کرنے سے پرہیز کرنا اور نئے لوگوں سے ملاقات کرنے سے کترانا۔ جب ان علامات کی شدت اتنی زیادہ ہو جائے کہ بچے کی روزمرہ زندگی کے معاملات متاثر ہونے لگیں تو والدین کو چاہیے کہ مدد کے لیے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

**اختلاج کی مختلف اقسام:** اختلاج کی مختلف اقسام ہوتی ہیں جن میں تفریق کا پیمانہ وہ حالات ہوتے ہیں۔ جن کا سامنا کرنے سے اختلاج کی ناقابل برداشت کیفیت پیدا ہو۔

**عمومی اختلاج:** اگر پچھلے چھ ماہ کے دوران تواتر سے اور بے شمار کوشش کے باوجود اپنی پریشانیوں پر قابو پانے میں دشواری، طبیعت میں مستقل بے چینی اور چڑچڑے پن کا عنصر، ہمہ وقت تھکن کا احساس، توجہ کی بے حد کمی، پٹھوں میں کھچاؤ، نیند کی عادت میں خلل، ٹھنڈے پسینوں کا آنا، منہ کا خشک رہنا، ہاتھ پاؤں کا ٹھنڈے ہو جانا یا جان نکلنے کا احساس، دل کی دھڑکن کا بے قابو ہونا۔ سر درد، پیٹ میں بلاوجہ درد کا ہونا یا دست کی شکایت، سانس لینے میں شدید تکلیف اور گھٹن کا احساس ہو اور ان سب علامات کی موجودگی میں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جان نکل جائے گی مگر ایسا ہوتا نہیں ہے۔ اگر ان علامات کی شدت اتنی زیادہ ہے کہ روزمرہ کے معمولات کی ادائیگی میں خلل یا رکاوٹ پیدا ہونے لگے تو ایسی صورت میں علاج کی غرض سے اپنے فیملی ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

**خوف وہراس کا دورہ:** یہ ایک ایسی حالت ہے جس میں شدید خوف کے اچانک حملے ہوتے ہیں۔اس میں دھڑکن کا بہت تیز ہونا، کپکپاہٹ، سانس لینے میں دشواری، سینے میں درد، چکر آنا ٹھنڈے پسینے آنا جیسی علامات ہوتی ہیں۔یہ کیفیت دس منٹوں میں اپنے عروج کو پہنچ جاتی ہیں اور پھر مریض ہمہ وقت اس خوف میں مبتلا رہتا ہے کہ کب اور کس وقت اس طرح کا دورہ پھر ہو جائے۔اور کیا وہ اس قسم کا حملہ سہنے کی صلاحیت رکھے گا یا نہیں؟

**سماجی اختلاج:** جن کو ہوتا ہے وہ ایسے حالات سے ڈرتے ہیں جہاں انہیں دوسرے لوگوں کی تنقیدی نگاہوں سے بے نقاب ہونے کا خطرہ ہوتا ہے وہ ڈرتے ہیں کہ دوسرے ان کی طرف دیکھیں گے،ان کا اندازہ کریں گے اور ان کے بارے میں منفی رائے قائم کریں گے۔وہ خاص طور پر گھبراہٹ، کمزور طور پر فیصلہ کرنے کی شرمندگی سے ڈرتے ہیں۔

## علاج

### بنیادی طور پر اختلاج کے علاج کے تین مختلف طریقے ہیں۔

**معالج سے گفتگو کے ذریعہ:** اگر بروقت فیملی ڈاکٹر سے رابطہ کر لیا جائے تو ڈاکٹر کے مشورہ سے خود بھی علاج شروع کر سکتا ہے۔مختلف ادویات کے استعمال سے۔علاج کے لیے ادویات اور بات چیت دونوں طریقوں کا ایک ساتھ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔مریض کے لیے لازم ہے کہ معالج کی طرف سے دی گئی ہدایات پر من وعن عمل کرے۔خدارا جب طبیعت میں بہتری محسوس ہو تو بھی ادویات کا استعمال اور دیگر ہدایات پر عمل جاری رکھیں۔عام طور پر دوا کا استعمال اس وقت بند کرتے ہیں جب طبیعت میں بہتری چھ سے نو ماہ تک مستقل رہے۔

**اپنی مدد آپ کے تحت اختلاج سے بچاؤ کے طریقے نیند اختلاج سے بہتر طریقے سے نمٹنے میں مدد دیتی ہے:** جب ہم سوتے ہیں تو ہمارا جسم اور دماغ دونوں آرام کرتے ہیں۔اس کے علاوہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ سونے کا کمرہ صرف سونے کے لیے ہی استعمال ہو۔سونے سے چند گھنٹوں پہلے ٹیلیفون اور ٹی وی وغیرہ کے استعمال سے پرہیز کریں اور کافی اور نیکوٹین کی مصنوعات کے استعمال کو محدود کریں۔سونے سے پہلے مقوی یا روغنی کھانا بھی نیند میں خلل ڈال سکتا ہے۔**خوراک** غذائیت سے بھرپور کھانوں کا استعمال کریں۔چینی اور پروسیسڈ فوڈ کا استعمال کم کریں۔

**مراقبہ:** مراقبہ یا میڈیٹیشن اختلاج کے احساس کو کم کر سکتا ہے۔تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ مراقبہ اور ذہن سازی یا توجہ کی تربیت اختلاج میں مدد کرتی ہے اور آپ ان لوگوں کے دماغ میں مثبت تبدیلیاں دیکھتے ہیں جو باقاعدگی سے مراقبہ کرتے ہیں۔جس طرح جسمانی سرگرمی جسم کے لیے ورزش ہے، اسی طرح مراقبہ دماغ کے لیے ورزش ہے۔اختلاج کو کم کرنے کے لیے ان محرکات کو کم کرنے کی کوشش کریں جن کے بارے میں آپ کا خیال ہے کہ آپ کی طبیعت میں اختلاج پیدا کرنے کا باعث بنتے ہیں۔

**سیر:** تحقیق سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ طبیعت میں صرف 20 منٹ ہی سیر کرنے سے اختلاج کا احساس کم ہو جاتا ہے اور تندرستی کا احساس بڑھ جاتا ہے۔خواہ آپ شہر کے وسط میں رہتے ہیں یا جنگل میں یقینی طور پر آپ کی رہائش کے نزدیک کوئی پارک ضرور ہو گا جہاں آپ سیر کی غرض سے جا سکتے ہیں۔

**ورزش:** جب آپ اس طرح جسمانی ورزش کرتے ہیں کہ آپ تھک جائیں تو بہت سے ایسے ہارمونز خارج ہوتے ہیں جو اختلاج کے دوران بھی خارج ہوتے ہیں مگر مثبت انداز میں۔ تسلی بخش حالات میں جسم کو اس طرح کے اختلاج کے ردعمل کا سامنا کرنے سے، جسم کو اختلاج کو بہتر طریقے سے سنبھالنا اور ذہنی طور پر ایسے حالات سے صحت یاب ہونا بھی سکھایا جاتا ہے۔

تاہم یہ ضروری ہے کہ نہ صرف ایکٹیویٹ موومنٹ (زیادہ شدت اور پوری رفتار) کا انتخاب کریں بلکہ پرسکون حرکت کا بھی انتخاب کریں۔ یوگا بھی اس قسم کی ورزش کی ایک مثال ہے جس کی مختلف اقسام جسم اور اعصابی نظام پر پرسکون اثر ڈالتی ہیں۔ اگر آپ کے کچھ احساسات اور خیالات ایسے ہیں جو آپ پر منفی اثر ڈالتے ہیں، تو کسی ایسے شخص سے بات کرنا جس پر آپ بھروسہ کرتے ہیں آپ کے لیے مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ کسی ماہر نفسیات سے بات کرنا بھی مددگار ثابت ہو سکتا ہے، جو آپ کی سوچ کے انداز کے ساتھ کام کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ دنیاوی تدبیروں کے ساتھ ساتھ خدا کی ذات سے بھی اپنی صحت کے لیے ہمیشہ مدد طلب کریں۔

**اَذْهِبَ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَائُکَ شِفَاءً لَا یُغَادِرُسَقَمًا۔**

اے مالک تکلیف کو دور کر دے شفا عطا کر تو ہی شفا دینے والا ہے تیری شفا کے کوئی شفا نہیں ایسی شفا کہ بیماری ذرا بھی باقی نہ رہ جائے۔

انٹرنیٹ پر ایسے صفحات موجود ہیں جہاں سے اپنی مدد آپ کے ذریعے اختلاج پر قابو پا سکتے ہیں۔ ان میں سے چند کا حوالہ دیا جا رہا ہے۔

Helsebiblioteket.no Kognitiv.no Helsedirektoratet.no

# کام کی باتیں

## پرہیز علاج سے بہتر ہے

1۔ اپنے دماغ کو بہتر رکھنا چاہتے ہیں تو آٹھ گھنٹے کی نیند ضرور لیں۔ 2۔ اپنی آنکھوں کو بہتر رکھنا چاہتے ہیں تو سونے سے پہلے اپنے پاؤں پر تیل کی مالش کریں۔ 3 ۔ اگر معدہ کو ٹھیک رکھنا چاہتے ہیں تو ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز کریں۔ 4۔ اگر آپ اپنے جگر کو بہترین رکھنا چاہتے ہیں تو بازاری کھانا اور فاسٹ فوڈ سے پرہیز کریں۔ 5۔ اگر آپ اپنے گردوں کو صحت مند رکھنا چاہتے ہیں تو سونے سے پہلے باتھ روم سے فارغ ہو لیں۔ 6۔ اگر آپ اپنے مثانے کو ٹھیک رکھنا چاہتے ہیں تو کچا پیاز زیادہ استعمال کریں۔ 7۔ اگر آپ اپنڈکس سے بچنا چاہتے ہیں تو لیموں کا استعمال کریں۔ 8۔ اگر آپ اپنے گلے کا خیال رکھنا چاہتے ہیں تو کھانے میں کالی مرچ کا استعمال کریں۔ 9۔ اگر آپ کو اپنے ناک کا خیال ہے تو پودینہ کا استعمال کیا کریں۔ 10۔ اگر آپ اپنے دل کو تندرست رکھنا چاہتے ہیں تو نمک اور چکنائی کا استعمال بہت کم کر دیں۔ (ثمینہ حفیظ بیت النصر)

# "اچاری بینگن"

(عابدہ محمود مجلس اولن ساکر)

| اشیاء: | اچاری مسالہ: | ترکیب: |
| --- | --- | --- |
| بینگن:1عدد<br>Hakket tomat box:<br>1عدد (400گرام)<br>لال مرچ پاؤڈر: 2چائے کی چمچ<br>ہلدی پاؤڈر: 2/1چائے کی چمچ<br>لہسن پاؤڈر: 2چائے کی چمچ<br>زیرہ اور دھنیاپاؤڈر: ¼ چمچ<br>نمک: 2 چائے کی چمچ یا حسبِ ذائقہ<br>تیل: 2/1 کپ | میتھی دانہ: آدھاچائے کی چمچ<br>کلونجی: آدھاچائے کی چمچ<br>سونف: آدھاچائے کی چمچ<br>زیرہ: آدھاچائے کی چمچ | بینگن کو گول تھوڑاموٹے کتلے میں کاٹناہے۔اس کے بعد ایک باؤل میں پانی اوردو چائے کا چمچ نمک ڈال کر کٹے بینگن کو نمک والے پانی میں آدھا گھنٹے تک رکھنا ہے۔ اس کے بعد بینگن کو دھوکر چھلنی میں رکھ دیں۔ تاکہ پانی چھن جائے۔اب بینگن کو فرائی پین میں تیل ڈال کر دونوں طرف سے ہلکا سا تلناہے۔اس کے بعد اسی پین میں آدھاکپ تیل ڈال کر اچاری مصالحہ کو ہلکا تلناہے اور پیاہوا ٹماٹر اور نمک مرچ وغیرہ جو اوپر لکھاہے سب ڈال کر اور تھوڑاپانی ڈال کر مصالحہ کو بھون کر تلے ہوئے بینگن کو ٹماٹر کے مصالحے میں سب ڈال کر ڈھکن کو بند کرکے ہلکی آنچ میں 10۔15 منٹ تک پکانا ہے۔اب ڈھکن کھول کر دیکھیں کہ بینگن گل گیاہے اورروغن نکل آیاہے تواب بینگن تیار ہیں۔روٹی اور ابلے ہوئے چاول کے ساتھ نوش فرمائیں۔ 😋 |

## کچن میں موجود مصالوں کی اہمیت

(صدیقہ وسیم جماعت فرید رکستاد)

ہمارے کچن کے مصالحہ جات صرف ذائقہ کے لیے نہیں ہیں بلکہ اس کے بہت سے فوائد بھی ہیں جس سے ہم غافل ہیں میں روز مرہ ان کو دوائی کے طور پر استعمال کرتی ہوں سیکریٹری اشاعت صاحبہ کے اصرار پر اس کو تحریر کررہی ہوں اوراس امید کے ساتھ کہ کوئی اور بھی اس سے فائدہ حاصل کرسکے۔اس دفعہ دو کے بارے میں لکھ رہی ہوں باقی انشاءاللہ اگلے شمارہ میں لکھوں گی۔

**چھوٹی الائچی۔** اگر آپ کو اپنے گلے میں خراش محسوس ہو یادرد محسوس ہوتو دو تین دانے چھوٹی الائچی کے لے کر آہستہ آہستہ چبالیں یہ عمل دن میں دو سے تین مرتبہ کرسکتے ہیں۔چاہیں تو آپ چھلکے سمیت بھی چبالیں مگر چھلکا بعض مرتبہ کھانسی کاباعث بنتاہے۔

چھوٹی الائچی اینٹی آکسیڈنٹ ہے اوراس میں بیکٹیریا اور فنگس کو روکنے کی صلاحیت موجود ہے۔ حکیم اس کو شہد کے ساتھ ملاکر گولیاں بناکر گلے کی ہر قسم کی بیماریوں کے لیے دیتے ہیں۔اس کی تاثیر گرم ہے اس لیے خاص طور سے سردی کی وجہ سے گلہ خراب ہونے کی صورت میں زیادہ مفید ہے۔

**کالی مرچ۔** ہر قسم کی الرجی کے خلاف جسم میں قوت مدافعیت پیدا کرتی ہے۔اگر آپ الرجی کاموسم شروع ہونے سے پہلے یعنی اپریل کے شروع سے نہار منہ ہرروز 5دانے کالی مرچ کو چباکر آدھاگلاس پانی پی لیں تو آپ ہر قسم کی موسی الرجی سے محفوظ رہیں گے۔کیونکہ اس میں نزلہ زکام اور فلو کے خلاف جسم میں قوت مدافعیت پیدا کرنے کی صلاحیت ہے۔اگر آپ کو شدید کھانسی ہو اور سانس لینا بھی مشکل ہو تو 9دانے کالی مرچ پیس کر اس میں شہد ملاکر استعمال کریں انشاءاللہ آفاقہ ہوگا۔یہ نظام انہضام کو بھی ٹھیک رکھتی ہے۔

# رپورٹ نیشنل اجتماع لجنہ وناصرات

(شاذیہ نعیم نیشنل جنرل سیکرٹری)

محض خدا کے فضل سے لجنہ اماء اللہ اور ناصرات الاحمدیہ کا دوروزہ نیشنل اجتماع 2 اور 3 مارچ 2024 کو منعقد کیا گیا۔

**حاضری:** بروز ہفتہ 300، بروز اتوار 350

اجتماع کا آغاز تلاوت قرآن کریم بمعہ اردو اور نارویجن ترجمہ سے ہوا۔ اس کے بعد پاکیزہ منظوم کلام ترنم سے پڑھا گیا۔ نیشنل صدر صاحبہ محترمہ انعم سحر اسلام صاحبہ نے لجنہ وناصرات کا عہد دہرایا۔ بعد ازاں صدر صاحبہ نے اپنے افتتاحی خطاب کا آغاز حضور انور کی طرف سے اجتماع کے حوالے سے آنے والے خصوصی پیغام کے تحت کیا صدر صاحبہ نے پیغام کو اردو اور نارویجین ترجمہ کے ساتھ پڑھ کر سنایا اور دُعا کروائی۔ دعا کے بعد پروگرام کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ لجنہ و ناصرات کے تمام علمی وورزشی پروگرام الگ الگ ہال میں منعقد ہوئے۔

**علمی مقابلہ جات لجنہ:** مقابلہ حسن قرات، مقابلہ حفظ قرآن، مقابلہ نظم اشعار کی تشریح، اور مقابلہ بیت بازی اور نومبائعات کے مقابلہ تقاریر اردو اور نارویجن ہوئے۔

**مقابلہ حسن قرات کے** طریق کار کو اس مرتبہ تبدیل کیا گیا اور لجنہ معیار اول جو کہ 25 سال سے بڑی لجنہ تھیں ان کے لیے قرآن کریم سے کہیں سے بھی ایک آیت سنی جائے گی اسی طرح لجنہ معیار دوئم جو کہ 15 سے 25 سال کی لجنہ ہیں انھیں پہلا سیپارہ میں سے کہیں سے بھی ایک آیت دے دی جائے گی جس کی تلاوت کرنی ہوگی۔ الحمدللہ یہ تجربہ کامیاب رہا اور شاملین لجنہ نے بڑی مہارت سے اس مقابلہ میں حصہ لیا۔

**امسال مقابلہ نظم معیار اول** کے مقابلہ میں نظم کی تشریح کا مقابلہ رکھا گیا منظوم کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام از **"درثمین"** سے نظم **"مناجات اور تبلیغ حق"** سے 40 اشعار کی تشریح تیار کرنے کے لیے دی گئی اجتماع کے روز پرچی پر جو شعر نکلے گا اس کی تشریح کرنی ہوگی۔ بڑی تعداد میں لجنہ نے اس مقابلہ میں حصہ لیا اور تشریح کو بڑی خوبصورتی سے بیان کیا۔

اسی طرح لجنہ معیار دوئم کے دو گروپ بنائے گئے اور ان کا آپس میں **بیت بازی** کا مقابلہ ہوا۔

**اجتماع کے دونوں دن مختلف شعبہ جات کے تحت کام ہوئے جو درج ذیل ہیں۔** لجنہ اجتماع کے پہلے دن **شعبہ تربیت** کے تحت (شوریٰ کی تجویز کے مطابق ہم

جنس پرستی کے جسمانی، اخلاقی، روحانی، نفسیاتی اور معاشرتی امور کے بارے میں اسلام تعلیم کی آگاہی کے موضوع پر پینل گفتگو کی گئی۔ یہ پروگرام اردو اور نارویجن دونوں زبانوں میں پیش کیا گیا۔

اسی طرح **شعبہ امور طالبات** کے تحت (دنیا میں جنگ، بدامنی اور اسلامی تعلیمات) کے موضوع پر لیکچر دیا گیا اور سٹوڈینٹس لجنہ سے ڈسکشن اور سوال وجواب کا سیشن ہوا۔ اس کے علاوہ بروز ہفتہ لجنہ کی عمروں کے لحاظ سے مختلف **جسمانی اور ذہنی سپورٹس** کروائی گئیں جس میں indoor hockey، معائنہ مشاہدہ، میوزیکل چیئر شامل ہیں۔

اجتماع کے دوسرے روز **شعبہ تبلیغ کے تحت** ورکشاپ کی گئی جس کا موضوع (خدمت خلق کے مختلف طریق تبلیغ کا بہترین ذریعہ ہیں) شوریٰ کی شق کے مطابق ممبرات میں شعور بیدار کرنے کے لیے **نیشنل اجتماع پر خدمت خلق** ہمارا اسلامی فریضہ ہے اور انفرادی طور پر ہر ایک کو ان فرائض کی طرف توجہ کرنی چاہیے۔ سیکرٹری خدمتِ خلق نے سورۃ البقرہ کی آیت وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ کی تفسیر کی روشنی میں ممبرات کو اس طرف توجہ دلائی گئی۔ اور بعد میں مجالس کے سامنے چار مہینوں میں کیے جانے والے مجالس اور نیشنل کاموں کی رپورٹ بھی پیش کی۔

**شعبہ صحت جسمانی کے تحت** نیشنل اجتماع کے دوسرے دن (ڈیپریشن اور اینگزائٹی) کے موضوع پر معلومات پریزنٹیشن کے ذریعے ڈاکٹر ماہر نفسیات اور جنرل ڈاکٹر جو کہ نیشنل سیکرٹری صحت جسمانی ہیں دونوں نے پیش کی۔ اس کے بعد لجنہ کو اس موضوع کے تحت ڈاکٹرز سے سوالات کا موقع دیا گیا۔

**علمی مقابلہ جات ناصرات میں:** مقابلہ حسن قرات، مقابلہ حفظ قرآن، مقابلہ نظم، مقابلہ پریزنٹیشن، مقابلہ بیت بازی گروپ میں کروائی گئی۔ اجتماع کے دوسرے دن ناصرات کی سپورٹس کروائی گئیں اور شوریٰ کی تجویز کے مطابق ناصرات کی ورکشاپ 'Love for God' کے موضوع پر ہوئی اور ڈسکشن بھی کی گئی۔

اجتماع کے اختتام پر نیشنل صدر صاحبہ کا اختتامی خطاب ہوا۔ بعد ازاں صدر صاحبہ نے مجالس کی سالانہ کارکردگی، مضمون نویسی، صنعت و دستکاری اور نیشنل اجتماع کے علمی اور سپورٹس کے مقابلہ جات میں پوزیشن حاصل کرنے والی لجنہ اور ناصرات میں انعامات تقسیم کیے اور اختتامی دعا کروائی۔ یوں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ دوروزہ پروگرام بخیر وخوبی انجام پایا۔



# میرے پیارے ابا جان

(ریحانہ متین کرستیان ساند ناروے)

میرے پیارے ابا جان نثار محمد خان نذر محمد خان کے بیٹے اور دوست محمد خان حجانہ کے پوتے تھے جنہوں نے 1909ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی جو بہت مخلص اور جوشیلے احمدی تھے اپنے علاقے کے معززز میندار تھے۔ ابا جان نے میٹرک تک تعلیم ڈیرہ غازیخان میں حاصل کی پھر تعلیم الاسلام کالج ربوہ داخل ہوئے۔ انہوں نے ربوہ سے بی ایس سی کی جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ پرنسپل تھے۔ آپ ہونہار طالب علم تھے۔ کالج کی ہر ایکٹیوٹی میں آگے آگے تھے۔ پھر ہری پور کالج ہزارہ سے ٹیلی کمونیکیشن کی ڈگری حاصل کی۔ آپ ملازمت کے سلسلے میں اکثر سفر میں رہتے تھے۔ پاکستان میں اس وقت مائیکرو ویو سسٹم نیا آیا تھا۔ ابا جان اس کے ماہر تھے۔ آپ نے پنجاب کے کافی شہروں میں اس کے اسٹیشنوں کی تنصیب کی۔

آپ اپنے سفر میں اور جاب پر بھی بہت تبلیغ کیا کرتے تھے۔ احمدیت کا لٹریچر اور قرآن کریم ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے۔ کئی دفعہ ماریں بھی کھائیں اور زخمی بھی ہوئے۔ جان سے مارنے کی دھمکیاں ملیں مگر باز نہ آئے۔

